بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

# اُردُو

## برائے جماعت دوم



پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور

جملہ حقوق بحق پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بُکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**مصنفین :**

طاہرہ ناصر (ایم-اے اُردو، ایم-ایڈ)
کوآرڈینیٹر، جیزیشنز سکول، کراچی

سعدیہ سیما (ایم-اے اُردو، ایم۔ایڈ)
لیڈ ٹیچر اُردو، جیزیشنز سکول، کراچی

سعدیہ ادیب (بی۔ایس۔سی، ایم-ایڈ)
کوآرڈینیٹر، آغا خان ایجوکیشن سروسز

**مدیر :**

بشریٰ مسّرت (ایم-اے اُردو)
اُردو کوآرڈینیٹر، لاہور کالج آف آرٹس اینڈ سائنسز

**جائزہ کمیٹی :**

ثریّا خانم سابق سربراہ، شعبہ اُردو،
اے-پی-ایس، اعظم گیریژن سکول و گیریژن ڈگری کالج

رافعہ حسن سینئر اُردو ٹیچر،
لاہور گیریژن ایجوکیشن سسٹم

**آرٹ ورک، لے آوٹ و ڈیزائننگ :**

سٹوڈیو سیون، بتول حسین، ماریہ خان، صوفیہ خان

**نگران:**

جمیل الرحمٰن سینئر سبجیکٹ سپیشلسٹ اُردو، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بُک بورڈ، لاہور





# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 1- | آؤ پڑھنا سیکھیں | 01 |
| 2- | میرا خُدا | 38 |
| 3- | نعت | 40 |
| 4- | اچھا سلوک | 44 |
| 5- | زم زم کی کہانی | 47 |
| 6- | جب بھی کھانا کھاؤ (نظم) | 50 |
| 7- | قائدِ اعظمؒ | 52 |
| 8- | پیپل کے ننھے دوست | 55 |
| 9- | بادل (نظم) | 61 |
| 10- | اب کیا کروں؟ | 67 |
| 11- | اقوالِ زرّیں | 74 |
| 12- | وطن کی محبت | 79 |
| 13- | باغبانی (نظم) | 86 |
| 14- | اِیثار | 89 |
| 15- | پاکستان کا تحفہ | 93 |
| 16- | ایک وقت میں ایک کام (نظم) | 98 |
| 17- | جیت | 101 |
| 18- | عیدی | 105 |
| 19- | علامہ اقبالؒ ہمارے (نظم) | 112 |
| 20- | مُرغا اور بچہ (نظم) | 117 |
| 21- | ریلوے اسٹیشن | 120 |
| 22- | ہمدردی (نظم) | 125 |
| 23- | آمنہ کا نیا سکول | 127 |
| 24- | سمندر کی سیر | 136 |
| 25- | مَیں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں (نظم) | 140 |
| 26- | روشنی اور حرارت | 143 |
| 27- | آؤ مِل جُل کر رہیں | 148 |
| | فرہنگ | 164 |



# حروفِ تہجّی

ا 

ب 

پ 

ت 

ٹ 

ث 

ج 

چ 

ح 

خ 

د 

ڈ 

ذ 

ر 

ڑ 

ز 

ژ 

س 

# حروفِ تہجّی



| | | | |
|---|---|---|---|
| ش  | ص  | ض  | ط  |
| ظ  | ع  | غ  | ف  |
| ق  | ک  | گ  | ل  |
| م  | ن  | و  | ہ  |
| | ی ے  | | |



# حروفِ تہجّی

## خالی جگہ میں درست حرف لکھیں:

ا ______ پ ______________ ٹ ث

ج ______ ح ______

______ ڈ ذ ______ ڑ ______ ژ

س ______ ______ ض ط ______ ______ غ

ف ______ ک ______ ل ______ ن

و ______ ء ______ ے

# حروفِ تہجّی



چیزوں کے نام بتائیں

جس حرف سے نام شروع ہوتا ہو، اس پر دائرہ بنائیں :





ج
ب
م





ٹ
س
ص
پ





د
خ
ڈ





غ
گ
ر





آ
ا
ع





ر
م
ک
ن



# آدھی شکلیں بنائیں

ب بـ　　پ پـ　　ت تـ　　ٹ ٹـ　　ث ثـ

حرف کو اس کی آدھی شکل سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| ب | پـ |
| پ | ثـ |
| ت | ٹـ |
| ٹ | بـ |
| ث | تـ |

ج جـ　　چ چـ　　ح حـ　　خ خـ

ان حروف کی آدھی شکلیں بنائیں۔

ج ------------ ------------ ------------

چ ------------ ------------ ------------

ح ------------ ------------ ------------

خ ------------ ------------ ------------

# آدھی شکلیں بنائیں



س سـ    ش شـ    ص صـ    ض ضـ

س    ش    ص    ض

ع عـ    غ غـ    ف فـ    ق قـ

ع    غ

ف    ق



# آدھی شکلیں بنائیں

ک ـکـ کـ      گ ـگـ گـ      ل لـ      م مـ      ن نـ

ہ ہـ      ی یـ

آدھی شکلیں بنائیں

ک ________      ل ________      ہ ________

گ ________      م ________      ی ________

ا   د   ڈ   ذ   ر   ڑ

ز   ژ   ط   ظ   و

کی آدھی اور بڑی شکلیں ایک جیسی ہوتی ہیں۔

# حروف جوڑیں



ب + ا = ____
پ + ا = ____
ت + ا = ____
ٹ + ا = ____

ل + ا = ____
م + ا = ____
ن + ا = ____
و + ا = ____
ہ + ا = ____

ف + ا = ____
ق + ا = ____
ک + ا = ____
گ + ا = ____

ا

ج + ا = ____
چ + ا = ____
ح + ا = ____
خ + ا = ____

ط + ا = ____
ظ + ا = ____
ع + ا = ____
غ + ا = ____

د + ا = ____
ڈ + ا = ____
ذ + ا = ____

ر + ا = ____
ڑ + ا = ____
ز + ا = ____

س + ا = ____
ش + ا = ____
ص + ا = ____
ض + ا = ____



# حروف جوڑیں

ب + و = ____
پ + و = ____
ت + و = ____
ٹ + و = ____

ل + و = ____
م + و = ____
ن + و = ____
و + و = ____
ہ + و = ____

ف + و = ____
ق + و = ____
ک + و = ____
گ + و = ____

و

ج + و = ____
چ + و = ____
ح + و = ____
خ + و = ____

ط + و = ____
ظ + و = ____
ع + و = ____
غ + و = ____

د + و = ____
ڈ + و = ____
ذ + و = ____

ر + و = ____
ڑ + و = ____
ز + و = ____

س + و = ____
ش + و = ____
ص + و = ____
ض + و = ____

# حروف جوڑیں



ل + ی = ______
م + ی = ______
ن + ی = ______
و + ی = ______
ہ + ی = ______

ب + ی = ______
پ + ی = ______
ت + ی = ______
ٹ + ی = ______

ف + ی = ______
ق + ی = ______
ک + ی = ______
گ + ی = ______

ی

ج + ی = ______
چ + ی = ______
ح + ی = ______
خ + ی = ______

ط + ی = ______
ظ + ی = ______
ع + ی = ______
غ + ی = ______

د + ی = ______
ڈ + ی = ______
ذ + ی = ______

ر + ی = ______
ڑ + ی = ______
ز + ی = ______

س + ی = ______
ش + ی = ______
ص + ی = ______
ض + ی = ______



# حروف جوڑیں

ل + ے = ______
م + ے = ______
ن + ے = ______
و + ے = ______
ہ + ے = ______

ب + ے = ______
پ + ے = ______
ت + ے = ______
ٹ + ے = ______

ف + ے = ______
ق + ے = ______
ک + ے = ______
گ + ے = ______

ے

ج + ے = ______
چ + ے = ______
ح + ے = ______
خ + ے = ______

ط + ے = ______
ظ + ے = ______
ع + ے = ______
غ + ے = ______

د + ے = ______
ڈ + ے = ______
ذ + ے = ______

ر + ے = ______
ڑ + ے = ______
ز + ے = ______

س + ے = ______
ش + ے = ______
ص + ے = ______
ض + ے = ______

# حروف جوڑیں



مثال کی طرح حروف کو ا، و، ی اور ے کے ساتھ جوڑیں:

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| ب | با | بو | بی | بے |
| ت | | | | |
| ج | | | | |
| د | | | | |
| ش | | | | |
| ط | | | | |
| ف | | | | |
| گ | | | | |
| ل | | | | |
| م | | | | |
| ن | | | | |



# بھاری حروف

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام بتائیں۔شروع کی آواز کو غور سے سنیں۔کیا آپ کو دونوں آوازوں میں کوئی فرق لگتا ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب |  | بھ |  |
| پ |  | پھ |  |
| ت |  | تھ |  |
| ٹ |  | ٹھ |  |
| ج |  | جھ |  |
| چ |  | چھ |  |
| د |  | دھ |  |
| ڈ |  | ڈھ |  |
| ک |  | کھ |  |
| گ |  | گھ |  |



بھاری حروف کو تصویر سے ملائیں۔

چھ 

جھ 

ڈھ 

گھ 

پھ 

حروف کو ا، و، ی اور ے کے ساتھ جوڑیں:

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| پھ | | | | |
| چھ | | | | |
| ڈھ | | | | |
| کھ | | | | |
| گھ | | | | |



# لفظ بنائیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا ت ج ر س ک | + | ب | = | اب، تب، جب، رب، سب، کب |
| پ چ س ڈ ہ ک | + | ر | = | |
| ب ج ر س ک | + | چ | = | |

# لفظ بنائیں



ا
ب
د
ر
ج
ک

\+ س =

______
______
______
______
______
______

ا
ت
ڈ
ش
ن

\+ ک =

______
______
______
______
______
______

ا
ن
چ
ڈ
س
ک

\+ ل =

______
______
______
______
______
______



# ی اور ے

پڑھیں



کیل

اور



سیب

کیل اور سیب کے درمیان میں ”یـ“ کی شکل ایک جیسی ہے۔ان کو اونچی آواز میں پڑھیں۔

کیا آپ ان الفاظ کی آوازوں میں فرق بتا سکتے ہیں؟

اب پڑھیں:

ک + ی + ل = کیل

س + ے + ب = سیب

یہ فرق اس وجہ سے ہے کیونکہ کیل کے درمیان میں ”ی“ آتا ہے، اور سیب کے درمیان میں ”ے“ آتا ہے۔

# ی اور ے



نیچے دیے ہوئے الفاظ کو اونچی آواز میں پڑھیں، پھر ان کو درست خانے میں لکھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| جیت | نیلی | تیل | سیکھا |
| چیز | دیکھو | نیک | کھیلا |
| میرا | بھیگا | سیٹی | ریت |

ی

ے



# لفظ بنائیں

جب کسی لفظ میں دو سے زیادہ حرف ہوں، تو ہم ان کو کیسے پڑھیں گے؟

آیئے سیکھیں :

ب + ا + ت = با+ت = بات

چ + ی + ن = چی+ن = چین

د + ے + ر = دے+ر = دیر

چ+ و + ٹ = چو+ٹ = چوٹ

آپ بھی لفظ بنائیں:



ہ+ا+ر = ______ + ر = ______



ج+ا+ل = ______ + ل = ______



س+ے+ب = سے + ______ = ______



م + و + ر = ______ + ر = ______

# لفظ بنائیں

"ا اور و کے ساتھ"



ب + ا + ت = با + ت = بات

ر + ا + ت = ______ + ______ = ______

ت + ا + ج = ______ + ______ = ______

خ + ا + ص = ______ + ______ = ______

پ + ا + ر = ______ + ______ = ______

ن + ا + پ = ______ + ______ = ______

ص + ا + ف = ______ + ______ = ______

ب + و + ل = ______ + ______ = ______

ت + و + ل = ______ + ______ = ______

س + و + چ = ______ + ______ = ______

ت + و + پ = ______ + ______ = ______

ٹ + و + ک = ______ + ______ = ______

د + و + ڑ = ______ + ______ = ______

ش + و + ق = ______ + ______ = ______



# لفظ بنائیں

## "ی اور ے کے ساتھ"

ت + ی + ن = ________ + ________ = ________

ب + ی + ن = ________ + ________ = ________

ع + ی + د = ________ + ________ = ________

ک + ی + ل = ________ + ________ = ________

چ + ی + ز = ________ + ________ = ________

کھ + ی + ر = ________ + ________ = ________

ٹھ + ی + ک = ________ + ________ = ________

---

س + ے + ب = ________ + ________ = ________

ج + ے + ب = ________ + ________ = ________

ر + ے + ل = ________ + ________ = ________

کھ + ے + ت = ________ + ________ = ________

د + ے + کھ = ________ + ________ = ________

ن + ے + ک = ________ + ________ = ________

م + ے + ز = ________ + ________ = ________

# لفظ بنائیں



نیچے دیے ہوئے لفظ پڑھیں- ان سے ملتی جلتی آوازوں والے الفاظ بنائیں-

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بال | = | حال | گال | سال | تال |
| بول | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| ناک | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| تان | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| کاج | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| جانا | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| سوتا | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| تولو | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| روٹی | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| آئے | = | ______ | ______ | ______ | ______ |
| توڑا | = | ______ | ______ | ______ | |



# لفظ بنائیں

جب آمنہ کو تین سے زائد حروف ملا کر نئے الفاظ پڑھنے ہوں تو وہ ان کے چھوٹے حصے کر لیتی ہے جیسے:

س+ف+ے+د = س + فے + د = سفید

ک+ت+ا+ب = ک + تاب = کتاب

م+ے+ر+ا = مے + را = میرا

کیا آپ بھی آمنہ کی طرح حروف ملا سکتے ہیں؟

پ+ہ+ا+ڑ = پ + ______ + ______ = پہاڑ

گ+ی+ل+ا = ______ + ______ = گیلا

پ+ی+چھ+ے = ______ + ______ = ______

ب+ا+ج+ی = ______ + ______ = ______

م+ح+ن+ت = ______ + ______ = ______

# لفظ بنائیں



نیچے دی ہوئی مثال کی طرح لفظ بنائیں :

| | |
|---|---|
| کا + ٹو = کاٹو | سب + زی = ______ |
| مو + تی = ______ | مچھ + لی = ______ |
| طو + طے = ______ | تص + ویر = ______ |
| رو + ٹی = ______ | چھت + ری = ______ |
| پا + نی = ______ | لک + ڑی = ______ |
| گھو + ڑا = ______ | رش + تہ = ______ |
| دھو + بی = ______ | تح + فہ = ______ |
| کے + سے = ______ | بج + لی = ______ |
| بھا + ئی = ______ | کِش + مِش = ______ |



# لفظ بنائیں

مثال کی طرح لفظ کے آخر میں ا، و، ی، ے لگا کر نئے لفظ بنائیں:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چل | چلا | چلو | چلی | چلے |
| ہنس | | | | |
| بھاگ | | | | |
| لکھ | | | | |
| روک | | | | |
| بیٹھ | | | | |
| پڑھ | | | | |
| کھول | | | | |

# احمد بازار آیا



احمد بازار آیا ہے- لفظ مکمل کریں اور بتائیں کہ بازار میں کیا ہے؟



یہ ______ ہے-
(س-ے-ب)



یہ ______ ہیں-
(ک-ے-ل-ے)



یہ ______ ہیں-
(ا-ن-گ-و-ر)



یہ ______ ہے-
(گ-و-بھ-ی)



یہ ______ ہے-
(آ-ل-و)



یہ ______ ہے-
(گ-ا-ج-ر)



یہ ______ ہے-
(ٹ-م-ا-ٹ-ر)



# آمنہ کا بستہ

آمنہ کے بستے میں کیا ہے؟



ب+س+ت+ہ ______

کھ+ا+ن+ا ______

ک+ت+ا+ب ______

ک+ا+پ+ی ______

ب+و+ت+ل+ ______

ر+و+م+ا+ل ______

ٹ+ا+ف+ی ______

پ+ ن +س+ ل ______

ق+ل+م ______

ت+خ+ت+ی ______

گھ+ڑ+ی ______

آپ کے بستے میں کیا ہے؟

(1) ______ (2) ______

(3) ______ (4) ______

# حِرا کا دن



تصویریں دیکھیں۔ بتائیں کہ حرا نے کیا کیا؟



(صبح/رات) ہوئی

______________



حرا (سوئی/جاگی)

______________



دانت صاف (کیے/دھوئے)

______________



کتاب (پڑھی/بنائی)

______________




حرا (سکول/باغ) گئی

______________



گھر (آئی/جاتی)

______________



کھانا (کھایا/سوچا)

______________



# حِرا کا دن

نیچے دیے ہوئے لفظ دیکھیں- بتائیں کہ حرا روز کیا کرتی ہے؟

(1) کِتاب | ہے | پڑھتی | حرا

______________________________

(2) صاف | کرتی | دانت | ہے | حرا

______________________________

(3) سکول | حرا | جاتی | ہے

______________________________

(4) سوتی | ہے | رات | حرا | کو

______________________________

(5) کھانا | ہے | کھاتی | حرا

______________________________

# جملے بنائیں



ان الفاظ کی ترتیب درست کر کے جملے بنائیں۔

(1) پیتی | لڑکی | پانی | ہے

(2) سارہ | جاتی | ہے | سکول

(3) پھول | ہے | مالی | لایا

(4) قلم | نیلا | ہے | یہ

(5) میں | سیب | باغ | درخت | کا | ہے



# بہادر قطرہ



بادل چھا گئے۔



سب قطرے ڈر رہے تھے۔



ایک قطرہ بولا: ”چلو! نیچے چلو“



قطرہ کُودا۔



پھر سب قطرے کُودے۔



سب خُوش ہو گئے۔

# درخت اور پودا



جنگل میں درخت تھا۔ درخت بہت بڑا تھا۔ جنگل
میں پودا بھی تھا۔ پودا چھوٹا تھا۔

درخت بولا "میں بہت بڑا ہوں۔ مجھے
کوئی نہیں ہلا سکتا۔"





تیز ہوا چلی۔ پودا جُھک گیا۔
وہ ہوا سے بچ گیا۔



درخت اُکھڑ گیا۔

# پڑھیں اور لکھیں



میرا نام احمد ہے- میں دوسری جماعت میں پڑھتا ہوں- میں ملتان میں رہتا ہوں- مجھے کرکٹ کھیلنا پسند ہے-



میرا نام آمنہ ہے - میں دوسری جماعت میں پڑھتی ہوں - میں اٹک میں رہتی ہوں - مجھے کتابیں پڑھنا پسند ہے-

لکھیں:

میرا نام ______________ ہے-

میں دوسری جماعت میں ______________ ہوں-

مجھے ______________ پسند ہے -

 

# اعراب

(1) پڑھیں اور لکھیں :

**زبر**

دَس ________ ہَٹو ________

چَل ________ رَب ________

چَبا ________ نَل ________

**زیر**

مِل ________ اِتنی ________

جِن ________ سِلا ________

ہِلو ________ چھِل ________





اُن ________ مُجھے ________

**پیش**

رُوپ ________ بُرا ________

اُسے ________ بُت ________

(2) دیے گئے پیراگراف میں جن الفاظ کے گرد دائرہ ہے ان پر مناسب اعراب لگائیے:

میرا نام سارہ ہے۔ میں دوسری جماعت میں پڑھتی ہوں۔ میرے پاس ایک گڑیا ہے۔ اس کے بال کالے اور آنکھیں نیلی ہیں۔ میرے گھر میں ایک طوطا بھی ہے۔ جس کے پروں کا رنگ ہرا ہے۔ وہ خوب باتیں کرتا ہے۔





# علامات

ّ ( تشدید ) ۔ ء ( ہمزہ ) ۔ ٓ ( مد )

یاد رکھیے، جس حرف پر تشدید ہو اُسے دو مرتبہ لکھتے ہیں **جیسے اچھا ، ا + چھ + چھ + ا**

(1) **الگ کیجیے :**

بلّی ________ + ________ + ________ + ________

امّی ________ + ________ + ________ + ________

ابّا ________ + ________ + ________ + ________

ڈبّا ________ + ________ + ________ + ________

(2) **پڑھیے : ء ( ہمزہ )**

آئے ۔ گائے ۔ کوئی ۔ لائے

(3) **پڑھیے: ٓ ( مد )**

آم ۔ آج ۔ آپ ۔ آگ

(4) **پڑھیے اور لکھیے :** ابّا آج آم لائے ۔ ________________

یہ ڈبّا پ کا ہے۔ ________________





## مشق

الفاظ بنائیں اور تشدید لگائیں۔

ب + چ + چ + ے = ________

ا + م + م + ی = ________

ا + چھ + چھ + ا = ________

پ + تھ + تھ + ر = ________

م + ک + ک + ہ = ________

س + چ + چ + ا = ________

ب + ل + ل + ی = ________

م + چھ + چھ + ر = ________

ا + ب + ب + و = ________

ع + ز + ز + ت = ________



# میرا خُدا

خاص الفاظ: خُدا روشنی بسائی دُنیا تازگی

جس نے بنائی دُنیا
جس نے بسائی دُنیا
ہاں وہ مِرا خُدا ہے

اس نے بنائے سارے
یہ چاند اور تارے
سورج کو روشنی دی
پھولوں کو تازگی دی
ہاں وہ مِرا خُدا ہے

(صوفی تبسّم)



# مشق





پڑھیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| خُدا | روشنی | بسائی | دُنیا |
| تارے | سورج | تازگی | چاند |

جس نے بنائی دُنیا      جس نے بسائی دُنیا

## زبانی جواب دیں :

(1) دُنیا کس نے بنائی ہے؟

(2) سب چیزیں اللہ نے بنائی ہیں۔ اپنے اردگرد دیکھیں اور اللہ کی بنائی ہوئی پانچ چیزوں کے نام بتائیں۔

(3) دی ہوئی تصویر میں رنگ بھریں اور خالی جگہ میں چیزوں کے نام لکھیں۔



# نعت



خاص الفاظ : فِدا حقیقت پہُنچنا
مُدّعا ہمیشہ آرزو

ہمارے نبیؐ احمد مصطفیٰؐ ہیں
فِدا اُن پہ ہم وہ رسولِؐ خُدا ہیں

حقیقت کی صُورت دکھائی اُنھوں نے
خُدا تک پہنچنے کا ، وہ راستہ ہیں

ہمیشہ رہے نام اُن کا زباں پر
وہی آرزو ہیں ، وہی مُدّعا ہیں

(قیوم نظر)



## مشق





پڑھیں

نبیؐ ہیں ہم کی نے نام راستہ

ہمارے نبیؐ احمد مصطفیٰؐ ہیں ہمیشہ رہے نام اُن کا زباں پر

(1) نیچے دیے ہوئے الفاظ سے ملتی جلتی آوازوں والے الفاظ نعت میں ڈھونڈیں۔

(i) پیارے ____________

(ii) میں ____________

(iii) کام ____________

(iv) تر ____________

(v) کہے ____________

(2) آپ اپنے استاد/گھر والوں سے نیچے دیے ہوئے سوال پوچھیں۔سب بچے جماعت میں اپنے جواب بتائیں:

(i) ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا کیا نام تھا؟

(ii) ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

(iii) ہمارے پیارے نبیؐ کی ایک پیاری عادت بتائیں؟





# الف بائی ترتیب

الف بائی ترتیب کا مطلب ہے کہ لفظوں کو حروفِ تہجّی کی ترتیب سے لکھنا یعنی سب سے پہلے 'ا' پھر 'ب' پھر 'پ' پھر 'س' پھر 'گ'

پانی ۔ گاجر ۔ بلّی ۔ سیب۔ انار

الف بائی ترتیب کے ساتھ ان لفظوں کو یوں لکھنا چاہیے ۔

(1) انار

(2) بلّی

(3) پانی

(4) سیب

(5) گاجر

کیونکہ انار ''ا'' سے شروع ہوتا ہے، بلّی ''ب'' سے اور پانی ''پ'' سے ۔





نیچے لکھے ہوئے بچوں کے ناموں کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

علی - آمنہ - مریم - احمد - سارہ

(1) ________ (2) ________ (3) ________

(4) ________ (5) ________

نیچے لکھی ہوئی سبزیوں کے نام الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

ٹِماٹر ۔ شَلجم ۔ اَروی ۔ پَالک ۔ توری

(1) ________ (2) ________ (3) ________

(4) ________ (5) ________













# اچھا سلوک



خاص الفاظ : بوڑھی - پتھر - تکلیف - سلوک - تن درست - تیمارداری

ایک بوڑھی عورت مکّہ میں رہتی تھی۔ حضرت محمد ﷺ جب بھی اس کے گھر کے سامنے سے گزرتے وہ آپؐ پر کوڑا پھینک دیتی۔ کبھی پتھر اور کبھی کانٹے آپؐ کے راستے میں بچھاتی۔ ہر طرح سے آپؐ کو تکلیف پہنچاتی لیکن آپؐ اُسے کچھ نہ کہتے تھے۔





ایک دن ہمارے پیارے نبیؐ اُس راستے سے گزرے تو کسی نے اُن کے اُوپر کوڑا نہیں پھینکا۔ دوسرے دن بھی ایسا ہی ہوا۔ آپؐ کو معلوم ہوا کہ کوڑا پھینکنے والی عورت بیمار ہے۔ آپؐ اُس کے گھر گئے۔ آپؐ نے اُسے کھانا کھلایا۔ جب تک وہ تن درست نہیں ہوئی آپؐ اس کی تیمارداری کے لیے جاتے رہے اور اُس کا بہت خیال رکھتے رہے۔

رسول اللہ ﷺ کے اِس اچھے سلوک کی وجہ سے وہ عورت مسلمان ہوگئی۔

پیارے بچّو! ہمارے کریم نبی ﷺ اپنے دشمنوں سے بھی اچھّا سلوک فرماتے تھے۔

## مشق



پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بوڑھی | گھر | پتھر | تکلیف | سلوک | مکّہ |
| عورت | کوڑا | بیمار | کھانا | اسلام | |

ایک بوڑھی عورت مکّہ میں رہتی تھی۔

وہ آپؐ پر کوڑا پھینک دیتی۔

آپؐ نے اسے کھانا کھلایا۔





(1) زبانی جواب دیں:

(i) بوڑھی عورت کہاں رہتی تھی؟

(ii) ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بوڑھی عورت کے گھر کیوں گئے؟

(iii) آپ کو اس واقعے سے کیا سبق ملا؟

(2) حروف الگ کریں۔ ہمارے = ہ + م + ا + ر + ے

| الفاظ | الگ کریں | الفاظ | الگ کریں |
| --- | --- | --- | --- |
| عورت | | راستے | |
| اِسلام | | بیمار | |
| کانٹے | | سلوک | |

(3) درست جملے کے سامنے ( ✓ ) اور غلط جملے کے سامنے ( × ) کا نشان لگائیں۔

(i) بوڑھی عورت مدینہ میں رہا کرتی تھی ۔ ____________

(ii) ہمیں لوگوں سے اچھّا سلوک کرنا چاہیے ۔ ____________

# زَم زَم کی کہانی

خاص الفاظ: پریشان - تلاش - اونچ - مدد - چشمہ



حضرت ابراہیمؑ اللہ کے بہت پیارے نبی تھے۔ حضرت اسماعیلؑ حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے تھے۔ حضرت اسماعیلؑ اللہ کے پیارے نبی تھے۔ جب وہ چھوٹے تھے تو اپنے والد اور امی، بی بی ہاجرہؓ کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ وہ سفر کرتے ہوئے مکّہ پہنچے۔ ان کے پاس پینے کا پانی ختم ہوگیا۔ اس وقت مکّہ ایک غیر آباد بستی تھی۔

حضرت اسماعیلؑ کو بہت پیاس لگی تھی۔ وہ پانی کے لیے رونے لگے۔ بی بی ہاجرہؓ نے حضرت اسماعیلؑ کو ریت پر لٹایا۔ وہ پریشان ہو کر پانی تلاش کرنے لگیں۔ مکّہ میں دو





اونچے پہاڑ تھے- بی بی ہاجرہؓ سات بار ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ تک بھاگیں- ان کو کہیں پانی نہیں ملا-

آخر اللہ نے ان کی مدد فرمائی- حضرت اسماعیلؑ نے ریت پر اپنی ایڑیاں رگڑیں- اچانک، ان کے پاؤں کے نیچے سے پانی کا ایک چشمہ پھوٹ پڑا-

آج بھی یہ چشمہ مکّہ میں موجود ہے- اس کا نام زَم زَم ہے- زَم زَم کا مطلب ہے رک جا! رُک جا! جب پانی تیزی سے بہنے لگا تو حضرت بی بی ہاجرہؓ نے فرمایا: زَم زَم! اسی لیے اس چشمے کا نام زم زم پڑ گیا- بعد میں اللہ کے حکم سے اسی چشمے کے قریب حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیلؑ نے اللہ کا گھر خانہ کعبہ بنایا-



## مشق

پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پریشان | تلاش | پہنچے | مدد | چشمہ | بیٹے |
| سفر | پیاس | ریت | پہاڑ | ایڑیاں | پاؤں |

حضرت اسماعیلؑ کو ریت پر لٹایا-

آج بھی یہ چشمہ مکّہ میں موجود ہے-

اس کا نام زم زم ہے-



(1) زبانی جواب دیں:

(i) حضرت اسماعیلؑ کس کے بیٹے تھے؟

(ii) حضرت اسماعیلؑ کس کے ساتھ سفر پر گئے؟

(iii) اللہ نے حضرت اسماعیلؑ کی مدد کیسے کی؟

(2) ارکان جوڑ کر الفاظ بنائیں:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | بے | + | ٹے | = | |
| (ii) | پا | + | نی | = | |
| (iii) | رے | + | ت | = | |
| (iv) | مے | + | ری | = | |
| (v) | نی | + | چے | = | |

(3) "وں" لگا کر جمع بنائیں جیسے بیٹا سے بیٹوں

| واحد | جمع |
|---|---|
| نبی | |
| پہاڑ | |
| نام | |



# جب بھی کھانا کھاؤ

خاص الفاظ: کُلّی    دسترخوان    ٹھہر ٹھہر    صحت

دھولو ہاتھ اور کُلّی کرلو    دستر خوان بچھاؤ
پہلے تم بِسمِ اللہ پڑھ لو    دائیں ہاتھ سے کھاؤ
پانی پیو تم ٹھہر ٹھہر کر    کھانا خوب چباؤ
بھوک رہے تھوڑی سی باقی    پیٹ بھر کے نہ کھاؤ
صحت کا بس راز یہی ہے    سادہ کھانا کھاؤ

(رازؔ کاشمیری)





# مشق





پڑھیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کُلّی | دسترخوان | ٹھہرٹھہر | صحت | ہاتھ |
| بُھوک | سادہ | پیٹ | دائیں | راز |

صحت کا بس راز یہی ہے۔ سادہ کھانا کھاؤ۔

(1) الفاظ کی ترتیب درست کریں:

(i) بِسمِ اللہ پڑھ لو پہلے تم ____________________

(ii) تھوڑی سی باقی بُھوک رہے ____________________

(iii) کھانا کھاؤ سادہ ____________________

(iv) راز یہی ہے صحت کا بس ____________________

(2) کا ، کی ، کے ، کو کا استعمال کریں۔

(i) احمد ____________________ ہاتھ گندے ہیں۔

(ii) بِسمِ اللہ پڑھنا سارہ ____________________ عادت ہے۔

(iii) اچھی صحت ______ راز یہی ہے کہ سادہ کھانا کھایا جائے۔

(iv) سادہ کھانا اچھی صحت ____________________ راز ہے۔





# قائدِ اعظمؒ

خاص الفاظ: ذَہین ۔ لگن ۔ محنت ۔ قبَضہ ۔ عَزم ۔ طاقت ور
قائد ۔ درس گاہ ۔ ہندوستان

قائدِ اعظمؒ کا اصل نام محمد علی جناح تھا۔ وہ کراچی میں پیدا ہوئے۔ وہ بچپن سے بہت ذہین تھے۔ وہ بہت محِنت اور لگن سے اپنی پڑھائی کرتے تھے۔ اسی محنت کی وجہ سے انھوں نے لندن کی سب سے اعلیٰ درس گاہ سے قانون کی ڈگری حاصل کی اور بہت بڑے وکیل بنے۔



اس دور میں ہندوستان پر انگریزوں کا قبضہ تھا۔ مسلمان غلامی کی زندگی گزار رہے تھے اور اُنہیں دین و مذہب کی بھی آزادی نہیں تھی۔

قائدِ اعظمؒ نے مسلمانوں کو ایک ایسا ملک دلانے کا عزم کیا جس میں کسی پر ظلم نہ ہو، سب کو آزادی اور مساوات حاصل ہو۔

اس خواب کو سچ کرنے کے لیے قائدِاعظمؒ اور ان کے ساتھیوں نے بہت کوششیں اور بہت سی مشکلات کا سامنا کیا۔

کئی سالوں کی محنت اور قُربانیوں کے بعد آخر آزادی ملی اور 14 اگست 1947ء کو پاکستان قائم ہوا۔ قائدِاعظمؒ پاکستان کو ایک طاقت ور ملک بنانا چاہتے تھے۔ اُن کا پیغام ہے کام کام اور صرف کام! ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے قائد کے اس خواب کو سچ بنانے کے لیے محنت کریں۔

## مشق

پڑھیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ذِہن | لگن | محنت | قبضہ |
| عَزم | طاقت ور | قَائد | درس گاہ |
| مُشکلات | پاکستان | سَچ | خواب |
| ہندوستان | وطن | آزادی | ڈگری |

اس دَور میں ہندوستان پر انگریزوں کا قبضہ تھا۔

پاکستان 14 اگست 1947 کو قائم ہوا۔

قائدِاعظمؒ کا اصل نام محمد علی جناح تھا۔





(1) زبانی جواب دیں۔

(i) قائداعظمؒ کا اصل نام کیا تھا؟

(ii) پاکستان کب قائم ہوا؟

(iii) قائداعظمؒ کہاں پیدا ہوئے؟

(iv) آپ کے خیال میں پاکستان کو کیسے اچھا بنایا جا سکتا ہے؟

(2) "وں" لگا کر جمع بنائیں، جیسے نام سے ناموں

| واحد | جمع |
| --- | --- |
| مسلمان | |
| کام | |
| قربانی | |
| انگریز | |

(3) جملے بنائیں۔

محنت ____________________

ذہین ____________________

طاقتور ____________________





# پیپل کے ننھے دوست

خاص الفاظ: اکیلا، ماہ، سائے، آرام، لاد، جنگل



خُوشی آباد کے جنگل میں پیپل کا ایک درخت اکیلا کھڑا تھا- وہ اپنے دوستوں کو یاد کر رہا تھا- کچھ ماہ پہلے وہ سب اس کے پاس تھے-





وہ سب دوست بہت خوش تھے۔ ان درختوں میں پرندے رہتے تھے۔ ان پر پھل بھی لگتے تھے۔ لوگ وہ پھل مزے سے کھاتے تھے۔ لوگ درختوں کے سائے میں آرام کرتے تھے۔



ایک دن وہاں کچھ لوگ آئے۔ انھوں نے چند گھنٹوں میں بہت سے درخت کاٹ دیے۔ وہ لوگ کٹے ہوئے درختوں کو ٹرک میں لاد کر لے گئے۔





جنگل میں پیپل کے درخت کے سوا کچھ نہ رہا۔
پرندے اور جانور جنگل سے چلے گئے ۔
لوگوں نے بھی جنگل میں آنا چھوڑ دیا۔



پیپل اداس کھڑا تھا۔ اتنی دیر میں کچھ
بچے آئے۔ انہوں نے پورے جنگل میں
ننھے پودے لگا کر ان کو پانی دیا۔
یہ دیکھ کر پیپل مسکرایا۔



ان پیارے بچوں کی محنت سے خُوشی آباد کا جنگل پھر سے خوش اور آباد ہونے والا تھا۔



# مشق





پڑھیں

اکیلا ماہ سائے آرام لاد جنگل درخت دوستوں
یاد پرندے پھل لوگ اُداس مزے گھنٹوں
جنگل میں پیپل کے درخت کے سوا کچھ نہ رہا۔

## (1) مختصر جواب دیں:

(i) پیپل کا درخت کسے یاد کر رہا تھا؟
(ii) بچوں نے جنگل میں کیا کیا؟
(iii) آپ کے خیال میں درختوں کے کیا فائدے ہیں؟ (زبانی)

## (2) الفاظ کو متضاد سے ملائیں:

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| اُداس | جانا |
| دن | بھول |
| یاد | برباد |
| آباد | خوش |
| آنا | رات |





# واحد جمع

واحد کا مطلب ہے ایک، اور جمع کا مطلب ایک سے زیادہ

جیسے کہ طوطا واحد ہے اور طوطے جمع

آخری حرف کو ''ے'' سے تبدیل کر کے جمع بنانا

مثال کے مطابق واحد کو جمع سے ملائیں۔

| واحد | جمع |
| --- | --- |
| کمرہ | طوطے |
| لڑکا | پرندے |
| طوطا | کپڑے |
| کپڑا | کمرے |
| پرندہ | لڑکے |





(1) خالی جگہ پُر کریں:

مثال کے طور پر : یہ گھوڑا ہے۔ یہ گھوڑے ہیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| یہ لڑکا ہے۔ | یہ ______________ ہیں۔ |
| یہ پرندہ ہے۔ | یہ ______________ ہیں۔ |
| یہ بستہ ہے۔ | یہ ______________ ہیں۔ |
| یہ جھولا ہے۔ | یہ ______________ ہیں۔ |

(2) واحد الفاظ کی جمع بنائیں:

| گملا | پنکھا | کھانا | پودا | تارا | بستہ | بیٹا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گملے | | | | | | |



# بادل

خاص الفاظ: مینہ، ساز، ناچیں، بُلبُل، راگ، ٹرائیں

کالے بادل آئیں گے
آ کر مینہ برسائیں گے

مینہ میں لوگ نہائیں گے
کالے بادل آئیں گے

مینہ برسے گا ٹپ ٹپ ٹپ
ساز بجے گا ٹپ ٹپ ٹپ

ہم ناچیں گائیں گے
کالے بادل آئیں گے

بُلبُل گانا گائے گی
کوئل راگ سُنائے گی

مینڈک بھی ٹرائیں گے
کالے بادل آئیں گے

(صوفی تبسّم)



## مشق





پڑھیں

مینہ     ساز     ناچیں     بُلبُل     راگ

ٹرائیں     بادل     کوئل     مینڈک

بُلبُل گانا گائے گی     کوئل راگ سُنائے گی

(1) مختصر جواب دیں:

(i) مینہ برسنے کا کیا مطلب ہے؟

(ii) کالے بادل آنے سے کیا ہوتا ہے؟

(iii) کوئل کے راگ سُنانے سے کیا مراد ہے؟

(2) ہر لفظ کے سامنے اُس کا ہم آواز لفظ لکھیں۔

نہائیں ۔ جانا ۔ گائے

| الفاظ | ہم آواز الفاظ |
| --- | --- |
| گانا | |
| سُنائے | |
| ٹرائیں | |



(3) ترتیب درست کریں ۔

(i) نہائیں گے ۔ مینہ میں لوگ

---

(ii) گائیں گے ۔ ہم ناچیں

---

(iii) سُنائے گی ۔ کوئل راگ

---

(iv) ٹرائیں گے ۔ مینڈک بھی

---

(4) کیا آپ کو بارش پسند ہے؟ اور جب بارش ہوتی ہے تو آپ کیا کرتے ہیں؟

---

---

---





# فعل

(1) فعل کسی کام کو کہتے ہیں ۔

مثلاً : کتاب پڑھی ۔ اس میں پڑھی فعل ہے ۔

| جملے | فعل |
| --- | --- |
| کبوتر اُڑا | اُڑا |
| لڑکی روئی | روئی |
| پانی گرا | گرا |
| بلّی بھاگی | بھاگی |





(2) ان جملوں میں فعل تلاش کریں اور خالی جگہ میں لکھیں۔

| جملے | فعل |
| --- | --- |
| (i) پانی بھرا ۔ | ________________ |
| (ii) گیند پکڑی ۔ | ________________ |
| (iii) بچّہ ہنسا ۔ | ________________ |
| (iv) طوطا بولا ۔ | ________________ |
| (v) جوتا ٹوٹا ۔ | ________________ |







# فاعل

(1) فاعل کام کرنے والے کو کہتے ہیں ۔

مثلاً : احمد کتاب پڑھتا ہے۔ اس میں احمد فاعل ہے ۔

| جملے | فاعل |
|---|---|
| طوطا اُڑا | طوطا |
| لڑکی ہنسی | لڑکی |
| بچّہ سویا | بچّہ |
| بلّی بولی | بلّی |

(2) نیچے دیے ہوئے جملوں میں فاعل ڈھونڈیں۔

(i) بلّی بھاگی ____________________

(ii) لڑکا دوڑا ____________________

(iii) بچّہ ہنسا ____________________

(iv) طوطا بولا ____________________





# اب کیا کروں؟

خاص الفاظ: گھبرا جانا - ڈانٹ - اِلزام - خیال - باورچی خانہ



راشد گھر والوں سے چھُپ کر شربت پی رہا تھا۔ اچانک گھر کے باہر سے امّی کی آواز آئی "راشد ! دروازہ کھولو۔" راشد چونک گیا - اس کے ہاتھ سے شربت کا جگ چھُوٹ کر گِرا اور ٹُوٹ گیا۔



راشد گھبرا گیا۔ اُس نے سوچا کہ شیشے کے ٹکڑوں کو چھُپا دیتا ہوں۔ اس طرح امّی کی ڈانٹ سے بچ جاؤں گا۔





پھر اُس نے سوچا کہ شیشے کے ٹکڑوں کو ایسے ہی رہنے دیتا ہوں۔ جب امّی پوچھیں گی تو اپنے چھوٹے بھائی پر اِلزام لگا کر ڈانٹ سے بچ جاؤں گا۔



آخر میں اسے یہ خیال آیا کہ امّی کو سب سچ سچ بتا دے۔ لیکن ایسا کرنے سے امّی اُس پر غصّہ ہوں گی۔



وہ باورچی خانے سے نکل کر صحن میں گیا اور امّی کو ساری بات بتادی۔ امّی نے اس کو پیار کرتے ہوئے کہا ''کوئی بات نہیں چیزیں تو ٹوٹ جاتی ہیں لیکن یہ بہت اچھّی بات ہے کہ تم نے مجھے سب کچھ سچ بتا دیا مجھے تم پر فخر ہے۔''



## مشق





### پڑھیں

گھبراجانا ڈانٹ اِلزام خیال باورچی خانہ شربت

چُھپ شیشے غصہ صحن فخر ٹکڑوں

راشد گھر والوں سے چھُپ کر شربت پی رہا تھا

(1) ارکان ملایئے:

(i) شی+شے = ____________

(ii) اِل+زام = ____________

(iii) ٹک+ڑے = ____________

(iv) چی+زیں = ____________

(2) درست جواب پر دائرہ بنائیں۔

(i) راشد نے کیا توڑا تھا؟

پیالی گلاس جگ

(ii) وہ چھُپ کر کیا پی رہا تھا؟

شربت چائے دوا




(iii) راشد نے کیا فیصلہ کیا؟

سچ بولنے کا　　　چھُپ جانے کا　　　بھائی پر الزام لگانے کا

(iv) راشد نے کسے ساری بات بتائی؟

بہن کو　　　امّی کو　　　ابّو کو

اگر آپ سے کوئی چیز ٹوٹ جائے تو آپ کیا کریں گے؟

---

## (3) سوالیہ جملے:

> وہ جملے جن میں کوئی سوال پوچھا جائے وہ سوالیہ جملے کہلاتے ہیں۔

مثلاً　آپ کہاں جا رہے ہیں؟　　　کیا آج چھُٹّی ہے؟

یہ کون ہے؟　　　آپ وہاں کیوں نہیں جاتے؟ وغیرہ

سوالیہ جملے بنانے کے لیے **کیا ، کیوں ، کون ، کیسے ، کب ، کہاں** کے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ ہر سوالیہ جملے کے آخر میں سوالیہ نشان **؟** لگانا ضروری ہے۔





(4) دیے گئے جملوں سے سوالیہ جملے بنائیں۔

(i) وہ روز سکول جاتی ہے۔

(ii) آج دکان بند ہے۔

(iii) گائے دودھ دیتی ہے۔

(iv) امّی نے حلوہ بنایا۔

(v) علامہ محمد اقبالؒ ہمارے قومی شاعر ہیں ۔

(5) اب اپنی مرضی سے کوئی سے دو سوالیہ جملے بنائیں:





# مفعول

☆ جس چیز پر کام کیا جائے اُسے مفعول کہتے ہیں۔

مثلاً : احمد کتاب پڑھتا ہے۔اس جملے میں کتاب مفعول ہے۔

| جملے | مفعول |
|---|---|
| سارہ نے سبزی کاٹی۔ | سبزی |
| لڑکے نے گیند پکڑی۔ | گیند |
| بچّہ جھولے میں سویا۔ | جھولے |
| بلّی نے دودھ پیا۔ | دودھ |





(1) ان جملوں میں مفعول تلاش کریں اور اسے خالی جگہ میں لکھیں۔

مفعول

(i) حِنا نے برتن دھوئے ۔ ________________

(ii) حسن نے سیب توڑا ۔ ________________

(iii) بچّے نے کاغذ پھاڑا ۔ ________________

(iv) بکری نے چارا کھایا ۔ ________________

(v) مریم نے کتاب پڑھی۔ ________________





# اقوالِ زرّیں

خاص الفاظ:

سیرت ۔ اعمال ۔ دیانت ۔ کُنجی ۔ حُسن ۔ گِلہ ۔ شمع ۔ مُصیبت

"اللہ کے نزدیک تمھاری صورت کی نہیں، بلکہ تمھاری سیرت اور اعمال کی اہمیت ہے۔"

**حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم**

"دیانت داری نیکی کی کُنجی ہے، اور نیکی جنّت کی کُنجی ہے۔"

**حضرت علی رضی اللہ عنہٗ**

"عمل کا حُسن یہ ہے کہ آج کا کام کل پر نہ ڈالو۔"

**حضرت عمر رضی اللہ عنہٗ**

"اندھیرے کا گِلہ کرنے سے ایک شمع جلانا بہتر ہے۔"

**چینی فلسفی**

"مصیبت انسان کو ایسے نکھارتی ہے جیسے آگ سونے کو۔"

**اطالوی شاعر**



# مشق



## (1) خالی جگہ پُر کریں:

(i) اللہ کے نزدیک تمھاری صورت کی نہیں بلکہ تمھاری ______ اور ______ کی اہمیت ہے۔

(ii) ________ جنت کی کُنجی ہے۔

(iii) ________ کا کام ______ پر نہ ڈالو۔

## (2) الفاظ کے معنی لکھیں اور جملے بنائیں:

| الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|
| شمع | | |
| گِلہ | | |
| بہتر | | |

## (3) اپنی پسند کا کوئی بھی قول تین بار لکھیں۔

______________________________

______________________________

______________________________





# اسم

اسم کا مطلب ہوتا ہے نام ۔

کسی بھی انسان، جانور، پرندے، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں ۔

مثلاً : کتاب اچھی ہے اس جملے میں "کتاب" اسم ہے ۔

نیچے دی ہوئی تصویر دیکھیں اور پانچ اسم لکھیں ۔



(1) ______________________

(2) ______________________

(3) ______________________

(4) ______________________

(5) ______________________





# حروفِ جار

حرفِ جار وہ حرف ہے جو اکیلا کوئی معنیٰ نہیں رکھتا، لیکن اسم و فعل سے مل کر مطلب پیدا کرتا ہے۔ یہ حروف اسم اور فعل کو ملاتے ہیں۔

حروفِ جار : سے ، میں ، پر ، تک ، کو وغیرہ

مثلاً: سارہ سکول سے آئی۔

اس جملے میں "سے" حرفِ جار ہے ۔

| جملے | حروفِ جار |
|---|---|
| عمر سے کتاب لے لو۔ | سے |
| نانا کو دوا دو ۔ | کو |
| احسن سکول میں پڑھتا ہے ۔ | میں |
| سیب میز پر رکھا ہے ۔ | پر |
| شام تک کام ختم کر لو۔ | تک |



## مشق



(1) نیچے دیے ہوئے جملوں میں سے حروفِ جار الگ کریں۔

(i) احمد سکول میں ہے ۔ ______________________

(ii) تم کب تک گھر آؤ گے ؟ ______________________

(iii) ساجد درخت پر چڑھا ۔ ______________________

(iv) ماریہ سے آم لو ۔ ______________________

(v) سارہ کے گھر میں چار کمرے ہیں ۔ ______________________

(2) نیچے دیئے ہوئے جملوں میں درست حرفِ جار لکھیں۔

(i) احمد گھر ______________ گیا ۔ ( تک / کو )

(ii) چھت ______________ جا کر کپڑے لاؤ ۔ ( میں / پر )

(iii) ساجد ______________ کتاب دو۔ ( کو / سے )

(iv) اس ڈبے ______________ گڑیا ہے۔ ( میں / تک )

(v) کسی ______________ جھوٹ مت بولو ۔ ( پر / سے )



# وطن کی محبت

خاص الفاظ: چیکر۔ التجا۔ مظلوم۔ گٹھری۔ بڑھیا۔ رحم۔ نقصان

یہ قصّہ پاکستان کے قیام کے چند دن بعد کا ہے۔ ایک بُڑھیا ایک ریل کے ڈبّے میں داخل ہوئی۔ اس کے ہاتھ میں ایک گٹھری تھی۔ تھوڑی دیر بعد ایک چیکر نے آ کر سب کے ٹکٹ دیکھے۔ بُڑھیا کے پاس ٹکٹ نہیں تھا۔ جب چیکر نے اس سے ٹکٹ مانگا تو بُڑھیا نے چیکر سے نرمی کی التجا کی اور کہا۔



بیٹا، میں اپنا سب کچھ کھو چکی ہوں۔
میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ صرف یہ گٹھری ہے۔
مجھ پر رحم کرو۔ ٹکٹ مت کاٹو۔





چیکر نے پھر بھی اپنی کاپی سے رسید کاٹ دی۔ اس نے بُڑھیا کو جواب دیا "اماں میں جانتا ہوں کہ تم مظلوم ہو۔ لیکن ٹکٹ کے بغیر سفر کرنے سے پاکستان کو نقصان ہوگا۔ اس لئے ٹکٹ تو بنے گی مگر اس کی رقم میں اپنی جیب سے دوں گا۔"

## مشق



پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| التجا | مظلوم | گٹھری | بڑھیا | رحم | نُقصان |
| قِصّہ | ٹِکٹ | رَسید | رقم | جیب | کھوچکی |

یہ قصّہ پاکستان کے قیام کے چند دن بعد کا ہے۔

لیکن ٹکٹ کے بغیر سفر کرنے سے پاکستان کو نقصان ہو گا۔

(1) مختصر جواب دیں:

(i) یہ واقعہ کب پیش آیا؟

---

(ii) بُڑھیا کے ٹکٹ کے پیسے کس نے دیے؟

---





(iii) آپ نے اس واقعے سے کیا سبق سیکھا؟

_______________________________________________

_______________________________________________

| ارکان ملائیں | ارکان بنائیں |
|---|---|
| مُش + کل = | چیکر = |
| ڈب + بے = | مظلوم = |
| پا + کِس + تان = | نقُصان = |

(2) الفاظ کو متضاد سے ملائیں:

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| بوڑھی | جواب |
| دن | آسان |
| مشکل | جوان |
| سوال | رات |



(3) جملے بنائیں :

| | |
|---|---|
| رحم | |
| التجا | |
| نقصان | |

(4) درست جواب پر ✓ کا اور غلط پر ✗ کا نشان لگائیں:

بُڑھیا بس میں سفر کر رہی تھی۔ ____________

بُڑھیا کے پاس پیسے نہیں تھے۔ ____________

چیکر نے رقم اپنی جیب سے دی۔ ____________





# ’الف‘ اور ’زبر‘ کا فرق

یہ الفاظ پڑھیں:۔

جگ، جاگ

غور سے سنیں۔

دونوں الفاظ کی آواز میں کیا فرق ہے؟

آپ بھی نئے لفظ بنائیں:۔

| زَبر | الف | زَبر | الف |
|---|---|---|---|
| کَٹ | کاٹ | | تار |
| نَگ | | نَم | |
| | تاک | | جام |
| جل | | دَم | |
| گھَٹ | | کَم | |
| | چال | | راکھ |
| مَت | | چَر | |





# 'زیر' اور 'ی' کا فرق

یہ الفاظ پڑھیں:۔

دِن، دین

غور سے سنیں۔

دونوں الفاظ کی آواز میں کیا فرق ہے؟

آپ بھی نئے لفظ بنائیں:۔

| زِیر | ی | زِیر | ی |
|---|---|---|---|
| بِن | بین | سِل | سِیل |
| دِن | | چھِل | |
| | چھین | | مِیل |
| بھِڑ | | پِس | |





# پیش اور 'و' کا فرق

یہ الفاظ پڑھیں:۔

رُک روک

غور سے سنیں۔

دونوں الفاظ کی آواز میں کیا فرق ہے؟

آپ بھی نئے لفظ بنائیں:۔

| پیش | و | پیش | و |
|---|---|---|---|
| رُک | روک | گُل | |
| | تول | بُلا | |
| کھُل | | | سُوکھ |
| | گھول | سُنا | |
| مُڑ | | | لُوٹ |

# باغبانی

خاص الفاظ: باغ ۔ سجانا ۔ کیاری ۔ کھاد ۔ رنگ برنگا

بچّوں نے اک باغ لگایا
باغ کو اپنے خُوب سجایا
کرتے وہ کام باری باری
پودے لگاتے کیاری کیاری
روز وہ خبر اس کی لیتے
وقت پہ کھاد اور پانی دیتے
رنگ برنگے پھول مہکتے
پھل بھی میٹھے میٹھے آتے
جو بھی بچہ محنت کرتا
وقت مزے سے اس کا گزرتا

(شفیع الدّین نیرؔ)







# مشق





پڑھیں

باغ　　سجانا　　کیاری　　کھاد　　رنگ برنگا
خوب　　پودے　　میٹھے　　محنت　　مزے　　وقت
جو　　بھی　　بچہ　　محنت　　کرتا
کرتے　　وہ　　کام　　باری　　باری

## (1) جواب لکھیں۔

(i) بچّوں نے کیا لگایا؟ ____________________

(ii) بچّے کیسے کام کرتے تھے؟ ____________________

(iii) کن بچّوں کا وقت مزے سے گزرتا ہے؟ ____________________

## (2) جملے بنائیں:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| رنگ برنگا | |
| خبر لینا | |
| سجانا | |



# گنتی ۱ تا ۹

گنیں اور نمبر پڑھیں۔

| | | |
|---|---|---|
|  | ۱ | ایک |
|  | 2 | دو |
|  | 3 | تین |
|  | 4 | چار |
|  | 5 | پانچ |
|  | 6 | چھے |
|  | 7 | سات |
|  | 8 | آٹھ |
|  | ۹ | نو |




# ایثار

خاص الفاظ: شخص ۔ لُقمہ ۔ چِراغ ۔ ایثار ۔ ترجیح

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھی تھے۔ایک دفعہ ایک شخص کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں تھا۔حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اُسے کھانا کھلانے اپنے گھر لے گئے۔لیکن حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں بھی کھانا کم تھا۔صرف ایک شخص پیٹ بھر کر کھا سکتا تھا۔حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ یا تو وہ کھانا خود کھاتے یا اپنے مسلمان بھائی کو پیش کرتے۔حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی بیوی نے دسترخوان پر کھانا رکھ کر چراغ بجھا دیا۔کمرے میں اندھیرا ہوگیا۔حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اوران کی بیوی نے مہمان کو ظاہر کیا کہ وہ بھی کھانا کھا رہے ہیں لیکن انہوں نے ایک لقمہ بھی نہیں کھایا۔یوں مہمان نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا لیکن حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اور ان کی بیوی بھوکے پیٹ سو گئے۔ اللہ تعالیٰ کو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اور ان کی بیوی کا ایثار بہت پسند آیا۔ہمیں بھی چاہیے کہ ہم دوسروں کی ضروریات کو اپنی ضروریات پر ترجیح دیں اور اپنی ضروریات کو دوسروں پر قُربان کر دیں۔





# مشق





پڑھیں

شخص　　لقمہ　　چراغ　　ایثار　　ترجیح　　ساتھی

پیش کرتے　　بیوی　　پسند　　ضروریات　　وقفہ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھی تھے

انھوں نے ایک لقمہ بھی نہیں کھایا۔

(1) مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب تحریر کریں۔

(i) حضرت ابوطلحہؓ کون تھے ؟

---

(ii) حضرت ابوطلحہؓ کے گھر میں کتنا کھانا موجود تھا ؟

---

(iii) دونوں میاں بیوی نے کیا کیا؟

---



(2) ارکان ملائیں ۔

| | |
|---|---|
| لُق + مہ = | لُقمہ |
| کھا + نا = | |
| بِی + وی = | |
| بُھو + کے = | |
| اِی + ثار = | |

(3) مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع بنائیں ۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| چراغ | |
| ساتھی | |
| مہمان | |





(4) کالم میں دیے گئے الفاظ کے متضاد چُن کر لکھیں۔

اُجالا ۔ بُجھا ۔ ناپسند

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| جَلا | |
| پسند | |
| اندھیرا | |

(5) مندرجہ ذیل جملوں میں سے فعل، فاعل اور مفعول الگ کیجیے۔

| جملے | فاعل | مفعول | فعل |
|---|---|---|---|
| امّی نے پھل کاٹے ۔ | | | |
| مالی نے پودا لگایا۔ | | | |
| ساجد نے کتاب پڑھی۔ | | | |
| پرندے نے گھونسلا بنایا۔ | | | |
| سارہ جھولے پر بیٹھی۔ | | | |




# پاکستان کا تحفہ

**خاص الفاظ:** خوشگوار پہنچے منظر حیران بھیڑ تحفہ تقریب

اگست کے مہینے کا پہلا دن تھا۔ ہلکی بارش کی وجہ سے موسم خوشگوار ہو گیا تھا۔ زاہد اور شاہد کی امی نے ان کو بازار سے پکوڑے لانے کو کہا۔ دونوں بھائی بازار پہنچے۔ لوگ ٹھیلوں پر پاکستان کے بڑے بڑے جھنڈے بیچ رہے تھے۔ دکانوں پر بھی پرچم لگے ہوئے تھے۔ ڈاک خانے پر ڈاکیہ چچا قمقمے سجا رہا تھے۔





زاہد: بھائی بازار کتنا پیارا لگ رہا ہے۔ آج کوئی خاص دن ہے؟

شاہد: آج تو نہیں لیکن کچھ دن بعد ہم ۱۴-اگست منائیں گے۔

زاہد: کیوں، بھائی؟

شاہد: کیوں کہ ۱۴ اگست پاکستان کی تاریخ کا سب سے اہم دن ہے-۱۴-اگست ۱۹۴۷ کو پاکستان بنا تھا-

زاہد: یہ تو بہت پرانی بات ہو گئی ہے-ہم اب تک یہ دن کیوں مناتے ہیں؟

شاہد: جیسے تم ہر سال اپنی سالگرہ مناتے ہو، اسی طرح سب پاکستانی اس دن پاکستان کی





سالگرہ مناتے ہیں۔ دیکھو، سب نے اپنی دُکانوں اور گھروں کو جھنڈیوں سے سجایا ہے۔ ۱۴ اگست کو ٹیلی ویژن پر ملی نغمے بھی لگیں گے۔ ہمارے سکول میں ایک تقریب بھی ہوگی۔

زاہد: میری سالگرہ پر تو ابّو نے مجھے گیند لے کر دی تھی۔ ہم پاکستان کو سالگرہ پر کیا تحفہ دیں گے؟

شاہد: (سوچنے کے بعد) ایک کام کرتے ہیں۔ پاکستان کی اس سالگرہ پر ہم اپنے سکول اور محلّے کو صاف کریں گے اور یہ وعدہ بھی کر لیں گے کہ ہم آئندہ ان جگہوں کو صاف رکھیں گے۔ ٹھیک ہے؟

زاہد: جی بھائی! پاکستان کو ہمارا تحفہ بہت پسند آئے گا!

## مشق



پڑھیں

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خوشگوار | پہنچے | منزل | حیران | بھیڑ | تحفہ | تقریب |
| اگست | پکوڑے | بازار | پرچم | تاریخ | گیند | وعدہ |

ہلکی بارش کی وجہ سے موسم خوشگوار ہو گیا تھا۔

پاکستان کی سالگرہ پر ہم اپنے سکول اور محلے کو صاف کریں گے





(1) جملے بنائیں۔

| جملے | الفاظ |
|---|---|
| | حیران |
| | تحفہ |
| | تقریب |

(2) جواب دیں۔

(i) ڈاکیا چچا کیا کر رہا تھا ؟ ____________________

(ii) پاکستان کس تاریخ کو قائم ہوا؟ ____________________

(iii) دونوں بھائی پاکستان کو کیا تحفہ دینا چاہتے تھے؟ ____________________







(3) سبق میں سے درج ذیل واحد الفاظ کے جمع ڈھونڈ کر لکھیں:

| واحد | جمع |
| --- | --- |
| نغمہ | |
| جھنڈا | |
| قمقمہ | |
| پکوڑا | |

(4) زاہد اور شاہد کی طرح آپ بھی پاکستان کو دو تحفے دیں:

میرا پہلا تحفہ : ________________________

________________________

________________________

میرا دوسرا تحفہ : ________________________

________________________

________________________



# ایک وقت میں ایک کام

خاص الفاظ : زیبا ۔ ڈنڈ پیلو ۔ سلیقہ

ہے کام کے وقت کام اچھّا
اور کھیل کے وقت کھیل زیبا

جب کام کا وقت ہو کرو کام
بھولے سے بھی نہ لو کھیل کا نام

ہاں کھیل کے وقت خوب کھیلو
کُودو ، پھاندو ، ڈنڈ پیلو

خوش رہنے کا ہے یہی طریقہ
ہر بات میں چاہیے سلیقہ

چھوڑو نہیں کام کو ادھُورا
بے کار ہے جو ہوا نہ پورا

ہے کام کے وقت کام اچھّا
اور کھیل کے وقت کھیل زیبا

اسمٰعیل میرٹھی



## مشق





پڑھیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زیبا | ڈنڈ پیلو | سلیقہ | کھیل | بھولے |
| طریقہ | ادھورا | بیکار | کھیل | کُودو |

ہے کام کے وقت کام اچھا

اور کھیل کے وقت کھیل زیبا

(1) مختصر جواب دیں:

(i) کس وقت کھیل کا نام نہیں لینا چاہیے؟ ______________

(ii) خوش رہنے کا اچھا طریقہ کیا ہے؟ ______________

(2) جملے بنائیں:

وقت ______________

کھیل ______________

بے کار ______________

ادھُورا ______________

(3) امالہ : کبھی کبھی ہم، 'الف' اور 'ہ' پر ختم ہونے والے واحد الفاظ میں '' الف '' اور '' ہ '' کی جگہ '' ے '' لگاتے ہیں۔





مثلاً علی خزانہ کی تلاش میں ہے ۔ ( امالہ کے بغیر )

علی خزانے کی تلاش میں ہے ۔ ( امالہ کے ساتھ )

میں ہم نے "خزانہ" کے آخر میں "ہ" کی جگہ "ے" استعمال کیا۔

(4) جن الفاظ کے نیچے لائن ہے اُن کے آخری حرف کو "ے" سے بدل کر جملے درست کریں ۔

| | |
|---|---|
| پرندہ کا پنجرہ صاف کرو۔ | پرندے کا پنجرہ صاف کرو |
| صحیح طریقہ سے کام کرو۔ | |
| سارہ سلیقہ سے کام کرتی ہے۔ | |
| لڑکا کو کتاب دو۔ | |
| طوطا کو چُوری دو ۔ | |



# جیت

خاص الفاظ: میدان۔ پرُجوش ۔ منظر ۔ مُسکرانے ۔ سیٹی ۔ آغاز

"سب بچے دوڑ کے لیے تیار ہیں؟" مس سعدیہ نے میدان میں کھڑے سب بچّوں سے پوچھا۔ "جی!" سب بچوں نے بلند آواز میں جواب دیا۔



آج سکول میں سالانہ کھیلوں کے مقابلے تھے۔

سب بچے بہت پرُجوش تھے۔ مس سعدیہ نے سیٹی بجا کر دوڑ کے آغاز کا اشارہ دیا۔

سب بچّے تیزی سے بھاگے۔



اس دن عامر دَوڑ میں دوسرے نمبر پر آیا۔

اس کے دوست احمد کو پہلا انعام ملا۔ احمد عامر کو مُبارک باد دینے کے لیے آگے بڑھا لیکن عامر غصّے میں دوسری طرف چل پڑا۔





مس سعدیہ یہ منظر دیکھ رہی تھیں- انہوں نے عامر کو اپنے پاس بلایا-
انہوں نے کہا" بیٹا، مقابلے میں حصّہ لینا ہی بہت اہم ہے-
اگر تم خوشی سے اپنے دوست کو مبارک باد دو گے تو
تمہاری بھی جیت ہو گی-"
عامر مس سعدیہ کی بات سن کر اپنی جماعت میں
چلا گیا-



چھُٹّی کے وقت دونوں دوست ہاتھ تھامے گھر جا رہے تھے- دونوں نے اپنے انعامی میڈل پہنے ہوئے تھے- یہ دیکھ کر مس سعدیہ بہت خوش ہوئیں- انہوں نے دونوں بچّوں کو پاس بُلا کر شاباش دی-





## مشق



پڑھیں

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| میدان | پُرجوش | منظر | ہاتھ | سیٹی | آغاز | تیار |
| سالانہ | اشارہ | انعام | مبارک باد | جماعت | ہاتھ تھامے | شاباش |

چھُٹّی کے وقت دونوں دوست ہاتھ تھامے گھر جا رہے تھے۔
آج سکول میں سالانہ کھیلوں کے مقابلے تھے۔

(1) زبانی جواب دیں:

(i) بچے کیا کر رہے تھے؟

(ii) کھیل کہاں ہو رہے تھے؟

(iii) عامر کو احمد پر غصّہ کیوں آ رہا تھا؟

(iv) مقابلے میں سب سے اہم بات کیا ہوتی ہے؟

(2) "وں" لگا کر جمع بنائیں جیسا کہ کتاب سے کتابوں

| واحد | جمع |
|---|---|
| بچّہ | |
| میدان | |
| زبان | |





## واحد کو جمع سے ملائیں۔

| واحد | جمع |
| --- | --- |
| مُرغی | اَلماریاں |
| کِیاری | سَردیاں |
| اَلماری | کُرسیاں |
| سَردی | مُرغیاں |
| کُرسی | کِیاریاں |

(3) جمع کو جملوں میں استعمال کریں۔

مثال کے طور پر: یہ پہاڑی ہے۔ یہ پہاڑیاں ہیں۔

| واحد | جمع |
| --- | --- |
| یہ تتلی ہے۔ | یہ ____________ ہیں ۔ |
| یہ روٹی ہے۔ | یہ ____________ ہیں ۔ |
| یہ سواری ہے۔ | یہ ____________ ہیں ۔ |
| یہ بلّی ہے۔ | یہ ____________ ہیں ۔ |





# عیدی

خاص الفاظ: شِدّت ۔ اِنتظار ۔ تَرس ۔ پریشان ۔ عوض



مُحسن شِدّت سے عید کا انتظار کر رہا تھا۔ رمضان میں وہ روزانہ مسجد جاتا تھا۔ واپسی پر وہ چچا اسلم کی دکان پر رُک جاتا تھا۔ چچا اسلم کی دکان پر ایک خوبصورت چابی سے چلنے والا ایک نیلے رنگ کا جہاز تھا۔ مُحسن اپنی عیدی سے وہ جہاز خریدنا چاہتا تھا۔



آخر عید کا دِن آ ہی گیا۔ مُحسن نے عید کی نماز پڑھی۔ ابّو نے مُحسن کو عیدی دی ۔



وہ خوش ہو کر فوراً چچا اسلم کی دُکان پر جا پہنچا۔ چچا اسلم جانتے تھے کہ مُحسن نیلا جہاز خریدنے آیا ہے۔ انھوں نے مسکرا کر کھلونا کاؤنٹر پر رکھ دیا۔



اس وقت سَکینہ خالہ چچا اسلم کی دکان سے سودا خرید رہی تھیں۔ چچا اسلم نے ان سے سودے کے عوض چار سو روپے مانگے۔ وہ پریشان ہو گئیں۔ انھوں نے کچھ سامان واپس کر دیا۔ مُحسن یہ سب دیکھ رہا تھا۔ اس کو سکینہ خالہ پر ترس آیا۔ اس نے اپنی عیدی سے سکینہ خالہ کا خرچ ادا کر دیا۔ یوں محسن جہاز کے بغیر گھر آ گیا۔



شام ہوئی تو گھر کی گھنٹی بجی۔ مُحسن نے دوڑ کر دروازہ کھولا۔ سامنے چچا اسلم کھڑے تھے۔ ان کے ہاتھ میں وہی نیلا جہاز تھا جو مُحسن خریدنا چاہتا تھا۔ چچا اسلم مسکرا کر بولے:

''یہ میری طرف سے آپ کے لیے عیدی ہے۔''







## مشق

پڑھیں

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شدّت | اِنتظار | ترَس | پَریشان | عوض | عید | | |
| رَمضان | عیدی | دُکان | کِھلونا | سودَا | گَھنٹی | دَروازہ | نیلا |

(1) **مختصر جواب لکھیں:**

مُحسن کس کی دُکان کے سامنے رک جاتا تھا؟

مُحسن کو عیدی کے پیسوں سے کیا چیز خریدنی تھی؟

مُحسن نے اپنی عیدی سے کیا کیا؟

(2) **صوتیات:**

ی اور ے جب کسی لفظ کے درمیان میں آئیں تو ان کی شکل ایک جیسی ہوتی ہے لیکن آوازیں مختلف ہوتی ہیں۔

مثال:

چ+ے+ن = "چین" جس کا مطلب آرام ہے۔

چ+ی+ن = "چین" جو کہ پڑوسی ملک کا نام ہے۔





(3) نیچے کچھ لفظ دیے گئے ہیں۔ ان کو بلند آواز سے پڑھیں۔ جس لفظ میں ''ی'' آتی ہے۔ ان کے گرد دائرہ بنائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عید | ایک | نیلے | خرید | قیمت |
| پریشان | بغیر | سکینہ | سیب | میری |

(4) جملے بنائیے:

خوش شکریہ پریشان عیدی ترس

(i) ______________________________

(ii) ______________________________

(iii) ______________________________

(iv) ______________________________

(v) ______________________________




# فعل ، فاعل اور مفعول

یاد کریں۔ہم نے پہلے پڑھا تھا کہ فعل کا مطلب ہے کام ، فاعل کا مطلب ہے کام کرنے والا اور مفعول کا مطلب ہے جس پر کام کیا جائے۔

**فعل** ۔ کام  **فاعل** ۔ کام کرنے والا  **مفعول** ۔ جس پر کام کیا جائے

مثلاً : ابّو دفتر جاتے ہیں ۔

اس جملے میں پہلے فاعل، پھر مفعول اور آخر میں فعل آتا ہے۔

| | |
|---|---|
| لفظ ''ابّو'' | فاعل ہے |
| لفظ ''دفتر'' | مفعول ہے |
| لفظ ''جاتے'' | فعل ہے |





(1) نیچے دیے گئے جملوں میں سے فعل، فاعل اور مفعول کو الگ الگ خانوں میں لکھیے۔

| جملے | فاعل | مفعول | فعل |
|---|---|---|---|
| عمر نظم پڑھتا ہے | | | |
| آمنہ گڑیا سے کھیلتی ہے | | | |
| عدنان چائے پیتا ہے | | | |
| استاد سبق پڑھاتے ہیں | | | |
| خرگوش گاجر کھاتا ہے | | | |







# علّامہ اقبالؒ ہمارے

خاص الفاظ : اَدِیب ۔مُفکّر ۔ رہبر
محنت۔ عَظمت

بڑے ادیب اور بڑے مفکّر
قومی رہبر، قومی شاعر
لکھنا پڑھنا کام تھا اُن کا
کتنا اچّھا نام تھا اُن کا
محنت کرکے عظمت پائی
علم و فن کی دولت پائی
نظمیں اُن کی پیاری پیاری
بانگِ درا میں پڑھ لو ساری
اُن کا چرچا عام رہے گا
زندہ اُن کا نام رہے گا
سدا رہیں گے ہم کو پیارے
علّامہ اقبالؒ ہمارے

(آفاق صدیقی)



# مشق





پڑھیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَدیب | مفکّر | رہبر | محنت | عَظمت |
| شاعر | دولت | نَظمیں | چرَچا | زِندہ | سَدا |

بڑے ادیب اور بڑے مفکّر قومی رہبر، قومی شاعر

(1) مختصر جواب لکھیں:

(i) علامہ اقبالؒ کون تھے؟ ____________________

(ii) ادیب کے کیا معنی ہیں؟ ____________________

(iii) مفکّر کے کیا معنی ہیں؟ ____________________

(2) خالی جگہ میں درست لفظ لکھیے۔

(i) امّی ____________________ پوچھا، کہاں جا رہے ہو؟ ( پر ، نے )

(ii) آج سب ____________________ چھُٹی ہے۔ ( کی ، کو )

(iii) میدان ____________________ کرکٹ کھیلو۔ ( سے ، میں )

(iv) سکول ____________________ بعد ہمارا میچ ہے۔ ( کا ، کے )

(3) آپ اپنے استاد یا گھر والوں کی مدد سے علامہ اقبالؒ کا کوئی بھی شعر کتاب میں لکھیں۔

____________________





# مذکّر مونّث

نیچے دیے ہوئے مذکّر کے مونّث لکھیں۔

| مذکّر | مونّث |
| --- | --- |
| دادا | |
| نانا | |
| ابّو | |
| بھائی | |
| والد | |
| خالو | |
| چچا | |
| پھوپھا | |
| تایا | |
| بیٹا | |
| ماموں | |





(1) نیچے دیے ہوئے الفاظ کے مذکّر لکھیں۔

| مذکّر | مونّث |
|---|---|
| | مورنی |
| | شیرنی |
| | بلّی |
| | گھوڑی |
| | مُرغی |
| | چِڑیا |

(2) قوسین "( )" میں دیے ہوئے لفظ کے مذکر یا مونث کو خالی جگہ میں لکھیں۔

(i) ( نانا ) اور ________________ چائے پی رہے ہیں ۔

(ii) (مُرغی) ڈربے میں تھی لیکن ________________ دانہ چُگ رہا تھا ۔

(iii) احمد نے چڑیا گھر میں ( شیر ) اور ____________ کو دیکھا ۔





(3) مثال کے مطابق واحد کو جمع سے ملائیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| سال | کرسیوں |
| درخت | میزوں |
| میز | درختوں |
| ہاتھ | سالوں |
| کرسی | ہاتھوں |

(4) جمع کو جملوں میں استعمال کریں۔

مثال کے طور پر: باغ میں پھول کھلے ہیں۔ باغوں میں پھول کھلے ہیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| بوتل میں کیا ہے؟ | ______ میں کیا ہے؟ |
| درخت کو نہ کاٹو۔ | ______ کو نہ کاٹو۔ |
| تتلی پھول پر بیٹھتی ہے۔ | تتلی ______ پر بیٹھتی ہے۔ |
| مہمان کی عزّت کرو۔ | ______ کی عزّت کرو۔ |

# مُرغا اور بچّہ

خاص الفاظ: بانگ عبادت غافل چین اطاعت

ایک بچّے نے مُرغے سے کہا
پیارے مُرغے یہ شور ہے کیا

سُن سُن تیری ککڑوں کوں
میں سخت پریشان ہوتا ہوں

جب تارے چھپتے ہوتے ہیں
سب چین آرام سے سوتے ہیں

اس وقت سے تو چلاتا ہے
کیوں اتنا شور مچاتا ہے

معلوم ہو آخر بات ہے کیا
کچھ اپنے دل کا حال بتا

مُرغے نے سنا بچّے کا بیاں
بولا ''نہ ہو ناراض میاں''

یہ میں جو شور مچاتا ہوں
مالک کو پکارے جاتا ہوں

یہ میری عبادت ہے پیارے
اللہ کی اطاعت ہے پیارے

جب صُبح کو بانگ میں دیتا ہوں
اور نام خُدا کا لیتا ہوں

تم کتنے غافل ہوتے ہو
میں جاگتا ہوں تم سوتے ہو



(محشر بدایونی)





## مشق





پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بانگ | عبادت | غافل | چین | اطاعت | |
| شور | آرام | ناراض | مالک | معلوم | صبح |

میں جاگتا ہوں تم سوتے ہو تم کتنے غافل ہوتے ہو

(1) مختصر جواب لکھیں۔

بچہ کس کے شور کرنے سے پریشان تھا؟

مُرغا کس وقت شور کرتا تھا؟

مُرغے کے شور کرنے کی کیا وجہ تھی؟

(2) جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| معلوم | |
| عبادت | |
| پیارے | |
| ناراض | |
| غافل | |





(3) مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے متضاد سے ملائیں۔

| الفاظ | متضاد |
| --- | --- |
| شور | نافرمانی |
| جاگنا | دن |
| اطاعت | سونا |
| رات | خاموشی |



# ریلوے سٹیشن



خاص الفاظ : بےچین ۔ انتظار گاہ ۔ ملازم ۔ انتظام۔ پٹڑی

ایک دن عمر اپنے ابّو کے دوست جاوید صاحب کے گھر گیا۔ وہ ریلوے سٹیشن پر ملازم تھے۔ان کا گھر ریلوے سٹیشن کے پاس تھا۔

عمر شربت پی ہی رہا تھا کہ اس کو ریل گاڑی کی سیٹی کی آواز سنائی دی۔وہ ریل گاڑی دیکھنے کے لیے بےچین ہو گیا۔

جاوید صاحب نے عمر کا شوق دیکھ کر کہا۔" چلو آؤ تمھیں ریلوے سٹیشن کی سیر کرواتے





ہیں۔"

عُمر اپنے ابّو اور جاوید صاحب کے ساتھ ریلوے سٹیشن چلا گیا۔ جاوید صاحب نے سب سے پہلے اُسے ٹکٹ گھر دکھایا۔انہوں نے بتایا کہ مسافر یہاں سے ٹکٹ لیتے ہیں۔ وہاں انتظار گاہ بھی موجود تھی۔ جہاں مسافر آرام سے بیٹھ کر ریل گاڑی کا انتظار کر سکتے تھے۔سٹیشن پر مسافروں کے لیے کھانے پینے کا انتظام تھا۔ پاس ہی پٹڑی پر ریل گاڑی کھڑی تھی۔

یہ سب دیکھ کر عمر نے کہا "واہ ابّو ! ریل گاڑی کے سفر میں تو بہت مزا آتا ہوگا۔

ابّو نے کہا "ہاں بہت مزہ آتا ہے۔اس مرتبہ ہم ملتان ریل گاڑی پر جائیں گے"۔

## مشق



پڑھیں

بے چین　　انتظارگاہ　　ملازم　　انتظام　　پٹڑی

شوق　　مسافر　　آواز　　شربت　　سیٹی کی آواز　　سیر

ایک دن عمر اپنے ابّو کے دوست جاوید صاحب کے گھر گیا
وہاں انتظار گاہ بھی موجود تھی۔





(1) مختصر جواب لکھیں۔

عُمر ابُو کے ساتھ کہاں گیا تھا ؟ ______________________

جاوید صاحب کہاں ملازم تھے؟ ______________________

عُمر کیا دیکھنے کے لیے بے چین ہو گیا تھا؟ ______________________

عُمر گرمیوں کی چھٹیوں میں کہاں جائے گا؟ ______________________

(2) الفاظ کو متضاد سے ملائیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| آرام دہ | جاگنا |
| آسان | دُور |
| سونا | آئیں |
| جائیں | مشکل |
| قریب | تکلیف دہ |





(3) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

(i) عُمر ابّو کے ساتھ دادا جان کے گھر گیا۔ ________

(ii) ریلوے سٹیشن پر ریل گاڑی کھڑی تھی۔ ________

(iii) عمر ریل گاڑی دیکھنے کے لیے بے چین تھا۔ ________

(iv) ابّو نے کہا کہ موسمِ گرما کی چھٹّیوں میں ہم پشاور گھومنے جائیں گے۔ ________

(4) لوگ ریل گاڑی کے علاوہ بھی آمدورفت کے مختلف ذرائع استعمال کرتے ہیں، مثلاً بس، تانگا، رکشا، جہاز، گاڑی، موٹر سائیکل وغیرہ۔ نیچے دیے ہوئے خانے میں اپنی پسند سے کسی بھی آمدورفت کے ذریعے کی تصویر بنائیں:





# واحد جمع

(1) مثال کے مطابق واحد کو جمع سے ملائیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| تصویر | چیزیں |
| آنکھ | کرنیں |
| چیز | سڑکیں |
| کرن | تصویریں |
| سڑک | آنکھیں |

(2) جمع کو جملوں میں استعمال کریں۔

مثال کے طور پر: یہ کتاب ہے۔ یہ کتابیں ہیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| یہ چیز ہے۔ | یہ ________ ہیں۔ |
| یہ میز ہے۔ | یہ ________ ہیں۔ |
| یہ مسجد ہے۔ | یہ ________ ہیں۔ |



# ہمدردی

خاص الفاظ: شجر - تنہا - آشیاں - آہ وزاری - مشعل

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا
بُلبُل تھا کوئی اُداس بیٹھا

کہتا تھا کہ رات سر پہ آئی
اُڑنے چُگنے میں دن گزارا
پہنچوں کس طرح آشیاں تک
ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا
سُن کر بُلبُل کی آہ وزاری
جُگنو کوئی پاس ہی سے بولا
حاضر ہوں مدد کو جان ودل سے
کیڑا ہوں اگرچہ میں ذرا سا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری
میں راہ میں روشنی کروں گا
اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل
چمکا کے مجھے دیا بنایا
ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دُوسروں کے

(علاّمہ محمد اقبالؒ)





# مشق





## پڑھیں

شجر تنہا آشیاں آہ وزاری مشعل

رات اُداس اندھیرا جگنو ہمدردی روشنی

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے آتے ہیں جو کام دوسروں کے

(1) مختصر جواب لکھیں۔

(i) بُلبُل کہاں بیٹھا تھا؟ ______________________

(ii) بُلبُل کیوں اداس تھا؟ ______________________

______________________________________

(iii) بُلبُل کی آہ وزاری کس نے سنی؟ ______________________

(2) الفاظ کو متضاد سے ملائیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| اُداس | اُجالا |
| اندھیرا | دن |
| حاضر | خوش |
| رات | غیرحاضر |





# آمنہ کا نیا سکول

خاص الفاظ: زیادہ تر ، کاشت ، مُناسب ، ہمّت ، تعمیر ، ذمّہ داری ، تعلق ، اِفتتاح ، عِلاج

آمنہ کے گاؤں فتح پُور کے زیادہ تر لوگ کسان تھے۔ وہ دن بھر کھیتوں میں محنت کرتے تھے- وہ گندم اور چاول کاشت کرتے تھے۔ تمام گاؤں والے اپنی کمائی کا کچھ حصّہ آمنہ کے دادا شاہد صاحب کو دیتے تھے تا کہ گاؤں میں ایک سکول بن سکے۔ چند سالوں کی کوشش کے بعد شاہد صاحب کے پاس مناسب رقم جمع ہو گئی- اب گاؤں والوں نے سکول بنانے کی ٹھانی۔



ایک دن سب نے مل کر زمین کی کھُدائی کا کام شروع کیا۔ آخر دیوار بنانے کا وقت آیا۔ انور چچا اور ان کے ساتھی مزدوروں نے بہت ہمّت کی- وہ اینٹیں اور ریت کی بوریاں اپنی پیٹھوں پر لاد کر سکول کے میدان تک لائے۔







گاؤں کے مستری احمد چچا نے اپنے ساتھیوں کی
مدد سے دیوار کی تعمیر شروع کی۔



ارشد چچا گاؤں کے بڑھئی تھے۔
وہ اور ان کے شاگرد روزانہ سکول کے
میدان میں بیٹھ کر بچّوں کے لیے لکڑی
کی کرسیاں اور میزیں بناتے تھے۔



ایک دن گاؤں کے درزی افضل چچا نے اپنی دکان
سے چھٹی لی۔ انھوں نے گاؤں کے تمام بچوں کا ناپ لیا۔
پھر وہ بچوں کی وردیاں سینے میں مصروف ہو گئے۔

گاؤں والوں نے سکول میں پڑھانے کی ذمّہ داری آمنہ کی خالہ کو دی۔ وہ شہر سے پڑھ کر آئی تھیں۔ یوں استانی کا بھی انتظام ہو گیا۔ اس طرح مختلف پیشوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے مل کر سکول بنایا۔

آخر وہ دن بھی آ گیا جب فتح پُور میں سکول کا افتتاح تھا۔ سب بچّے اور گاؤں والے بہت خوش تھے۔ آمنہ اپنی نئی کتابیں لیے سکول کے باہر کھڑی تھی۔ شاہد صاحب نے اس سے پوچھا کہ وہ تعلیم حاصل کر کے کیا بنے گی؟ آمنہ خوشی سے بولی، ''دادا جان! میں پڑھ لکھ کر ڈاکٹر بنوں گی تاکہ بیمار لوگوں کا علاج کر سکوں۔''





# مشق





## پڑھیں

زیادہ تر　کاشت　مناسب　ہمت　تعمیر　ذمہ داری　تعلق

افتتاح　علاج　گندم　چاول　کمائی　دیوار　گاؤں　پیشوں

آمنہ کے گاؤں فتح پُور کے زیادہ تر لوگ کسان تھے۔

ارشد چچا گاؤں کے بڑھئی تھے۔

(1) دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔

(i) آمنہ کے گاؤں کا کیا نام تھا؟

(ii) گاؤں کے زیادہ تر لوگ کیا کرتے تھے؟

(iii) گاؤں والے آمنہ کے دادا کو اپنی کمائی کا کچھ حصّہ کیوں دیتے تھے؟

(2) ان الفاظ کے جملے بنائیے۔

دُعا ، میدان ، مصروف ، علاج ، رقم

(3) ارکان ملائیے:

(i) کِ + سان = کسان　　(ii) ہم + مَت = ______________

(iii) پے + شے = ______________　　(iv) بی + مار = ______________





(4) قوسین میں دیے ہوئے الفاظ کی ضد کو خالی جگہ میں لکھ کر جملے مکمل کریں۔

(i) میں آج بہت ______________________ ہوں (اداس)

(ii) اس سال بہت ______________________ پڑی ہے۔(سردی)

(iii) دادی امّاں __________ ہوتے ہی مرغیوں کا ڈربا کھول دیتی ہیں۔(شام)

(5) خالی جگہ پر ان افراد کے پیشوں کے نام لکھ کر جملے مکمل کریں۔

(i) ______________________ لکڑی سے سامان بناتا ہے۔

(i) ______________________ کپڑے سیتا ہے۔

(i) ______________________ بیماریوں کا علاج کرتا ہے۔

(6) سبق میں دیے پیشوں کے نام لکھیں۔

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________





# فعل امر و نہی

جب کسی بات یا جملے میں کوئی کام کرنے کے لیے کہا جائے تو اُسے "فعل امر" کہتے ہیں۔

مثلاً صفائی کرو ۔ کھانا کھاؤ ۔ نظم لکھو وغیرہ

جب کسی جملے یا بات میں کوئی کام کرنے سے روکا جائے تو اُسے "فعل نہی" کہتے ہیں۔

مثلاً صفائی مت کرو ۔ کھانا نہ کھاؤ ۔ نظم نہ لکھو ۔





(1) امر جملوں کو '' نہی '' میں تبدیل کریں۔

| امر | نہی |
|---|---|
| گیند سے کھیلو ۔ | گیند سے مت کھیلو۔ |
| پھل کاٹیں۔ | |
| امّی سبزی پکائیں ۔ | |
| سکول کا کام کرو ۔ | |





# کلمہ اور مہمل

**کلمہ** : ہمارے مُنھ سے نکلنے والے وہ الفاظ جو بامعنی ہوں یعنی جن کا کوئی مطلب سمجھ آجائے ’’کلمہ‘‘ کہلاتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| مثلاً | کھانا | ۔ چائے |

**مہمل** : ہمارے مُنھ سے نکلنے والے وہ الفاظ جن کا کوئی مطلب نہ ہو یعنی وہ بے معنی ہوں ’’مہمل‘‘ کہلاتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| مثلاً | وانا | ۔ وائے |

یہ مہمل الفاظ کسی کلمے یعنی بامعنی لفظ کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں جیسے

کھانا وانا ۔ چائے وائے





(1) کلمہ اور مہمل کو ملائیں ۔

| کلمہ | مہمل |
|---|---|
| جانا | وازار |
| بازار | وُڑیا |
| گھر | وَل |
| گُڑیا | وانا |
| پھل | وَر |





# سمندر کی سیر

خاص الفاظ: حوصلہ، ساحِل ، دعوت ، مناسِب ، تقریب، لوٹتی



سارہ اور سلمان کی خالہ کی شادی کی تقریب کراچی میں تھی ۔ بچے پہلی بار کراچی گئے۔ شادی کی تمام تقریبات ختم ہوگئیں۔اس رات ماموں نے اعلان کیا کہ کل سب سمندر کی سیر کے لیے جائیں گے۔

اگلی صبح سب لوگ سمندر پہ جانے کے لیے تیار ہو گئے۔نانی جان کے گھر سے سمندر تک کا فاصلہ ایک گھنٹے کا تھا۔ ماموں نے گاڑی سمندر کے کنارے کھڑی کی ۔ سارہ اور سلمان سمندر کو دیکھ کر حیران تھے۔ جہاں تک نظر جا رہی تھی جھاگ اُڑاتا ہوا



پانی نظر آ رہا تھا۔ پہلے انھیں ڈر لگا پھر ماموں نے حوصلہ دلایا۔ وہ ساحل کی ریت پر چلتے ہوئے سمندر تک پہنچ گئے۔ ایک بڑی سی لہر نے ان کے پاؤں کو چھوا۔ انھیں بہت مزا آیا۔

"ماموں مجھے گُد گُدی ہو رہی ہے"۔ سارہ ہنستے ہوئے بولی۔

"امّی میرے پاؤں کے نیچے سے زمین کھسک رہی ہے"۔ سلمان چلّایا۔

ابّو ہنسنے لگے۔"لہریں ساحل سے ٹکرا کر جب واپس لوٹتی ہیں تو ایسا ہی محسوس ہوتا ہے" وہ بولے۔

بچے پانی میں خوب کھیلے۔ ریت کے گھر بنائے۔ اونٹ کی سواری کی۔







ساحل پہ پڑے خوبصورت پتھر اور
سیپیاں اکٹھی کیں۔

اتنی دیر میں امّی نے دور ساحل پر دسترخوان لگایا۔ پھر سب نے مِل کر ناشتہ کیا۔





## مشق





پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حوصلہ | ساحل | دعوت | مناسب | تقریب | سمندر |
| گھٹنے خوبصورت | ناشتہ | ریت | لہر | گُدگُدی | کھسک زمین |

(1) مختصر جواب لکھیں۔

(i) سارہ اور سلمان کس کی شادی کی دعوت پر کراچی آئے تھے؟ ________

(ii) نانی کے گھر سے سمندر کا فاصلہ کتنی دیر تک کا تھا؟ ________

(iii) اُن دونوں نے وہاں کس جانور کی سواری کی؟ ________

(2) ترتیب سے جملے لکھیں۔

(i) بہت ڈر لگا پہلے تو انھیں ________

(ii) بنائے ریت کے گھر بچوں نے ________

(iii) کر ناشتہ کیا سب نے مِل ________

(3) کیا آپ کبھی سیر کے لئے گئے ہیں؟ جیسا کہ کسی باغ، کسی دوسرے شہر یا کسی میلے میں؟ اس واقعے کے بارے میں لکھیں:

(i) آپ کہاں گئے تھے؟ ________

(ii) آپ کے ساتھ کون کون تھا؟ ________



# میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں

خاص الفاظ : بکھرے ۔ہمجولی ۔تعلیم ۔روشنیاں ۔پھیلاؤں

میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں پر کام کروں گا بڑے بڑے
جتنے بھی لڑا کا لڑکے ہیں میں سب کو نیک بناؤں گا
جو بکھرے ہوئے ہمجولی ہیں اُن سب کو ایک بناؤں گا
سب آپس میں مل جائیں گے جو رہتے ہیں اب لڑے لڑے
میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں پر کام کروں گا بڑے بڑے
یہ علم کی ہیں جو روشنیاں میں گھر گھر میں پھیلاؤں گا
تعلیم کا پرچم لہرا کر میں سر سیّد بن جاؤں گا
بے کار گزاروں عُمر بھلا کیوں اپنے گھر میں پڑے پڑے
میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں
پر کام کروں گا بڑے بڑے

(جمیل الدین عالی)







## مشق





پڑھیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بکھرے | ہم جولی | تعلیم | روشنیاں | پھیلاؤں |
| آپس | پرچم | کام | لہرا | بیکارگزاروں |

(1) مختصر جواب دیں۔

(i) چھوٹا لڑکا کن کو نیک بنائے گا ؟

(ii) کون آپس میں مل جائیں گے؟

(iii) ہمجولی سے کیا مراد ہے؟

(2) مندرجہ ذیل الفاظ کے سامنے اُن کے ہم آواز الفاظ چُن کر لکھیں ۔

نام ۔ ایک ۔ لڑے ۔ بن ۔ بناؤں

| الفاظ | ہم آواز الفاظ |
|---|---|
| بڑے | |
| پھیلاؤں | |
| کام | |
| من | |





(3) نظم کے مطابق مناسب لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں ۔

(i) میں ____________ سا اِک لڑکا ہوں (بڑا / چھوٹا)

(ii) ____________ گزاروں عُمر بھلا (بے کار / کارآمد)

(iii) سب آپس میں ____________ جائیں گے (الگ / مل)

(iv) یہ علم کی ہیں جو ____________ میں گھر گھر میں پھیلاؤں گا (روشنیاں / تاریکیاں)

(4) مذکر کے مونث بنائیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| لڑکا | |
| ابو | |
| دادا | |
| خالو | |
| پھوپھا | |



# روشنی اور حرارت

خاص الفاظ: سوئٹر، دھوپ ، رگڑنے، محسوس ، ذریعہ، حَرارت

**منظر:**
سردیوں کے دن ہیں۔ عامر، ثنا اور دادا جان سوئٹر پہنے صحن میں دھوپ میں بیٹھے ہیں۔

ثنا : دادا جان ہم دُھوپ میں کیوں بیٹھے ہیں۔ مجھے تو گرمی لگ رہی ہے۔ دیکھیں




میرا سر کتنا گرم ہو گیا ہے۔

دادا : عامر میاں ذرا دیکھنا ثنا کا سر کیوں گرم ہو گیا ہے؟

عامر: دادا جب بھی ہم سورج میں بیٹھتے ہیں تو کچھ ہی دیر میں ہم گرمی محسوس کرتے ہیں۔

دادا جان: ثنا بیٹا کبھی سوچا ہے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟

ثنا: (سوچتے ہوئے)! دادا جان سورج گرم ہوتا ہے اور وہ اپنی گرمی سے دوسری چیزوں کو بھی گرم کر دیتا ہے۔

دادا جان: اچھا چلو یہ بتاؤ جب سورج نکلتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

عامر: دادا جان! سورج نکلتے ہی پوری دُنیا میں روشنی پھیل جاتی ہے۔

دادا جان۔: ہاں بیٹا سورج روشنی اور حرارت کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

عامر: دادا جان کیا حرارت صرف سورج کے ذریعے ہی حاصل ہوتی ہے؟

دادا جان: نہیں بھئی! اس کے علاوہ حرارت ہمیں آگ، بجلی، گیس اور چیزوں کو آپس میں رگڑنے سے بھی حاصل ہوتی ہے۔





ثنا: اچھا جب ہی سردیوں میں اکثر لوگ اپنے ہاتھ رگڑ رہے ہوتے ہیں۔

دادا جان: ثنا، عامر تم بھی ہاتھ رگڑ کر دیکھو۔

(ثنا عامر ہاتھ رگڑتے ہیں)

ثنا: ارے ہاں دادا جان۔۔۔۔۔۔ یہ دیکھیں میرے ہاتھ کتنے گرم ہو گئے!

دادا جان: کیا تمھیں پتہ ہے کہ باورچی خانے میں زیادہ گرمی کیوں ہوتی ہے؟

عامر: جی دادا جان وہاں آگ جلتی ہے نا۔

دادا جان: بالکل ٹھیک

ثنا: جب آگ جلتی ہے تو روشنی بھی تو ہو جاتی ہے۔

دادا جان: بالکل ٹھیک۔۔۔۔۔۔ روشنی کے ذرائع حرارت کے ذرائع بھی ہیں۔ جیسے جب سورج نکلتا ہے تو روشنی اور حرارت دونوں حاصل ہوتی ہیں۔ اسی طرح آگ بھی ہے اور تم نے شاید کبھی محسوس کیا ہو کہ جب زیادہ بلب جلتے ہیں تو روشنی کے ساتھ ساتھ گرمی بھی ہو جاتی ہے۔

ثنا: جی دادا جان۔

عامر: دادا جان اب اندر چلیں بہت گرمی لگ رہی ہے۔

دادا جان: ہاں بیٹا چلو اندر چلتے ہیں۔



## مشق





### پڑھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سوئٹر | دھوپ | رگڑنے | محسوس | ذریعہ | حرارت |
| گرمی | سورج | رگڑنے | ذرائع | محسوس | اندر |

سورج نکلتے ہی پوری دُنیا میں روشنی پھیل جاتی ہے۔

جب آگ جلتی ہے تو روشنی بھی تو ہو جاتی ہے۔

(1) ان سوالات کے جوابات دیجیے۔

(i) حرارت اور روشنی کا سب سے بڑا ذریعہ کون سا ہے؟

---

(ii) حرارت اور روشنی حاصل کرنے کے دوسرے ذرائع کون کون سے ہیں؟

---

(iii) آپ اپنے گھر میں روشنی کے کون کون سے ذرائع استعمال کرتے ہیں؟ دو نام لکھیں۔

_______________ _______________

(iv) سورج کے دو فائدے بتائیں؟

_______________ _______________



(2) مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

روشنی ____________________

حرارت ____________________

سورج ____________________

گرمی ____________________

آگ ____________________

(3) ارکان جوڑ کر لفظ بنائیے۔

ان+دھے+را = ____________________

بج + لی = ____________________

روش+نی = ____________________

گے + س = ____________________


آؤ مِل جُل کر رہیں


کاش! ہم بھی کہیں سیر کے لیے جاتے


1 پرسوں کراچی میں میری ایک ضروری میٹنگ ہے اور ہم آج شام کراچی جا رہے ہیں سب لوگ جلدی سے تیاری کر لیں۔
2 ابا! بہت مزا آئے گا ہم خالہ کے گھر ٹھہریں گے۔





1
میں تو کھڑکی کے پاس بیٹھوں گی
2 میں بھی



1
ابو! یہ کون لوگ ہیں؟
2
بیٹا! یہ سکھ فیملی ہے جو کہ
بھارت سے آئی ہے۔




1 آؤ میرے ساتھ بیٹھ جاؤ کھڑے کھڑے تھک جاؤ گی
2 ارے! آپ تو بہت اچھی ہیں معاف کیجیے گا میں نے آپ کو تنگ کیا


1 تمہارا نام کیا ہے؟ لو یہ بسکٹ کھاؤ بڑے مزے کے ہیں
2 شکریہ! میرا نام دلجیت کور ہے آپ بھی یہ چاکلیٹ کھائیں یہ بھی بہت مزے کی ہے۔


1
ابو! یہ کون سا شہر ہے اور یہ لوگ کس زبان میں باتیں کر رہے ہیں؟
2
بیٹا ! یہ سکّھر ہے اور یہ لوگ سندھی زبان میں باتیں کر رہے ہیں۔ جو کہ بہت اچھی زبان ہے اور زبان کا اصل مقصد تو اپنی بات دوسرے کو سمجھانا ہوتا ہے


حیدرآباد ریلوے اسٹیشن
1
ان لوگوں نے کتنی خوبصورت ٹوپیاں پہنی ہوئی ہیں۔ میں بھی ایسی ٹوپی خریدوں گا۔
2
آؤ پوچھتے ہیں یہ ٹوپی کتنے کی ہے؟
3
میرے لیے بھی سندھی اجرک لینا نہ بھولیے گا


حیدر آباد اسٹیشن
1 بھائی تم سندھی ٹوپی میں بہت اچھے لگ رہے ہو۔
2 یہ سندھی بھائیوں کا رواج ہے اور پھر یہ ٹوپیاں بہت محنت اور محبت سے بناتے ہیں۔ جو بھی پہنے گا اسے اچھی لگے گی۔


1 السلامُ علیکم ! خالو۔
2 وعلیکم السلام ! سفر کیسا رہا؟
3 ہمارا سفر بہت اچھا گزرا۔




1 یہ سواریاں میری ٹیکسی میں جائیں گی
2 نہیں یہ سواریاں میری ٹیکسی میں جائیں گی۔
3 ٹھہرو! لڑو مت۔ ہمیں دو ٹیکسیوں ہی کی ضرورت ہے


1 معاف کرنا بھائی! میں ذرا لالچ میں آگیا تھا۔
2 چلو کوئی بات نہیں، آؤ میں آپ کو چائے پلاتا ہوں






1
ناصر! میں آپ کے مہمانوں
کے لیے حلوہ لایا ہوں
2
ناصر! یہ کالا سا لڑکا کون ہے؟
3
یہ ہمارا ہمسایہ جوزف ہے
جو میرا دوست ہے۔


1
ناصر! میں کالے رنگ کے لوگوں سے
کوئی چیز لے کر کھانا پسند نہیں کرتی
2
ارے! صائمہ یہ تم کیا کہہ رہی ہو!
رنگ جیسا بھی ہو انسان کو اندر سے اچھا ہونا چاہیے
یہی اللہ کے پیارے رسولؐ نے سکھایا ہے۔




1 ناصر! تم ٹھیک کہتے ہو مجھے اپنے کہنے پر افسوس ہے۔ جوزف لاؤ حلوے کی پلیٹ مجھے دو۔ حلوہ تو بڑے مزے کا ہے کیا تم ہمارے ساتھ کھیلو گے؟
2 ہاں ہاں آؤ جوزف تم کھیل میں میرے ساتھی بن جاؤ۔


1 جوزف! تم تو بہت اچھا کھیلتے ہو۔
2 شکریہ! ارے ہاں کل سے ہمارے سکول میں مینا بازار شروع ہو رہا ہے اگر آپ لوگ بھی وہاں چلیں تو بہت مزہ آئے گا۔






کھیل
FOOD
1 ارے واہ! یہاں تو عیسائی بچوں کے علاوہ سکھ، پارسی اور دوسرے بچوں نے بھی اسٹال لگائے ہوئے ہیں
2 آیئے میں آپ کو اپنے دوستوں اور اساتذہ سے ملاتا ہوں۔
FOOD


1 یہ مس روپا ہیں جو ہمیں ریاضی پڑھاتی ہیں جبکہ ساڑھی والی خاتون مس بینا ہیں جو ہمیں انگریزی پڑھاتی ہیں۔
2 ارے یہ تو مسلمان نہیں، مجھے تو یہ پارسی لگتی ہیں!
3 اس سے کیا فرق پڑتا ہے، کیونکہ علم تو کسی سے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ارے وہ دیکھو دو بچّے آپس میں کسی بات پر جھگڑا کر رہے ہیں۔




1
تم بہت بُرے ہو اور تمہارا مذہب بھی
2
نہیں میرا مذہب اچھا ہے لیکن تمہارا مذہب بُرا ہے
3
یہ بہت بُری بات ہے چلو لڑنا بند کرو اور میری بات غور سے سنو۔
FOOD
FOOD


ایک دوسرے کے مذہب کو بُرا نہیں کہتے کیونکہ ہر مذہب آپس میں محبت اور دوستی سکھاتا ہے۔ مسلمانوں کی مقدس کتاب قرآن پاک میں بھی یہی لکھا ہے۔ شاباش چلو گلے ملو۔






اگرچہ ان لوگوں کا تعلق مختلف مذاہب سے ہے لیکن یہ سب ایک خاندان کی طرح لگتے ہیں۔ انسان کو اچھا اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے والا ہی ہونا چاہیے۔ یقیناً دنیا بنانے والے رب کو بھی ایسے ہی انسان اچھے لگتے ہوں گے۔


بھئی آپ لوگ بھی آئیں ہم سب مل کر فوٹو بنوائیں گے۔








# مشق

1- ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں، دُرست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں:

i- سکھر کے لوگوں کی زبان ہے۔

(ا) پشتو (ب) پنجابی

(ج) بلوچی (د) سندھی

ii- سندھی خواتین کی پسندیدہ پوشاک ہے۔

(ا) برقعہ (ب) گرم چادر

(ج) ٹوپی (د) اجرک

iii- دوسروں کو کھانا کھلانے سے بڑھتی ہے۔

(ا) محبت (ب) نفرت

(ج) راحت (د) سہولت





iv- مسلمانوں کی الہامی کتاب ہے۔

(ا) توریت (ب) زبور

(ج) انجیل (د) قرآنِ مجید

v- دوسروں کی خوشی میں شریک ہونے سے خوشی ہو جاتی ہے۔

(ا) کم (ب) زیادہ

(ج) ختم (د) مکمل

vi- سکول کے مینا بازار میں کون سے مذہب کے بچوں نے اسٹال لگائے؟

(ا) عیسائی (ب) سکھ

(ج) پارسی (د) تمام مذاہب

vii- اجرک کس صوبے میں پہنی جاتی ہے؟

(الف) سندھ (ب) پنجاب

(ج) بلوچستان (د) خیبر پختونخوا

2- درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (×) کا نشان لگائیں:

i- دوسروں کو معاف کرنا اچھی بات ہے۔ ☐

ii- سندھی بھائی سندھی ٹوپیاں بہت محنت اور محبت سے بناتے ہیں۔ ☐

iii- ایک دوسرے کے مذہب کو بُرا نہیں کہتے۔ ☐

iv- سکھر میں پنجابی زبان بولی جاتی ہے۔ ☐

v- لڑنا بہت بُری بات ہے۔ ☐

vi- کسی کے مذہب کو بُرا نہیں کہنا چاہیے۔ ☐

vii- ہر مذہب آپس میں دوستی اور محبت سکھاتا ہے۔ ☐

viii- مینا بازار میں مختلف بچوں نے سٹال لگائے ہوئے تھے۔ ☐





3- مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

| مناسب الفاظ |
| --- |
| محبت |
| زبان |
| خیال |
| بُرا |
| قرآن مجید |

i- انسان کو اچھا اور ایک دوسرے کا ________ رکھنے والا ہونا چاہیے۔

ii- ہر مذہب آپس میں ________ اور دوستی سکھاتا ہے۔

iii- ________ کا اصل مقصد اپنی بات دوسرے کو سمجھانا ہوتا ہے۔

iv- مسلمانوں کی مقدس کتاب کا نام ________ ہے۔

v- ایک دوسرے کے مذہب کو ________ نہیں کہتے۔

4- سبق کے متن کو سامنے رکھ کر درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں:



i- حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر آصف نے کیا خریدا؟

ii- صائمہ نے جوزف کے لائے ہوئے حلوے کو کھانے سے انکار کیا تو ناصر نے اسے کیا کہا؟

iii- مینا بازار میں کن کن بچوں اور بچیوں نے سٹال لگائے ہوئے تھے؟

iv- جب بچے/ بچیاں اور اساتذہ مل کر فوٹو بنوانے کے لیے اکٹھے ہو رہے تھے تو صائمہ کیا سوچ رہی تھی؟

v- کیا ہمیں دوسروں کے مذہب، زبان اور رنگ سے متعلق رواداری کا مظاہرہ کرنا چاہیے؟











# فرہنگ

## میرا خدا

| | |
|---|---|
| بسائی | آباد کرنا |
| تازگی | نیاپن |

## نعت

| | |
|---|---|
| فِدا | قربان |
| آرزو | خواہش |
| مقصد | مراد، طلب |

## اچھا سلوک

| | |
|---|---|
| سلوک | رویہ |

## زم زم کی کہانی

| | |
|---|---|
| تلاش | ڈھونڈنا |
| پریشان | حیران |

## جب بھی کھانا کھاؤ

| | |
|---|---|
| کُلی | مُنھ میں پانی ڈال کر صاف کرنا |
| دائیں | سیدھا |
| دسترخواں | وہ کپڑا جسے بچھا کر کھانا رکھا جائے |
| ٹھہر ٹھہر کر | رُک رُک کر |

## قائدِ اعظمؒ

| | |
|---|---|
| ذہین | ہوشیار |
| لگن | محنت |
| عَزم | ارادہ |
| درس گاہ | جہاں تعلیم دی جائے |

## پیپل کے ننھے دوست

| | |
|---|---|
| ماہ | مہینہ |
| اُداس | غمگین |

## بادل

| | |
|---|---|
| مینہ | بارش |
| ساز | باجا |
| راگ | نغمہ، سُر |

## اب کیا کروں؟

| | |
|---|---|
| الزام | جھوٹی بات |
| خیال | تصور |
| ڈانٹ | سخت آواز سے روکنا |

## اقوالِ زریں

| | |
|---|---|
| نیکی | اخلاق |
| اعمال | کام |
| کُنجی | چابی |





# فرہنگ

## وطن کی محبت

| | |
|---|---|
| التجا | منت سماجت، گزارش |
| قصہ | کہانی، واقعہ |
| مظلوم | جس پر ظلم کیا گیا ہو |

## باغبانی

| | |
|---|---|
| سجایا | سنوارا |
| رنگ برنگا | کئی رنگ کا |

## ایک وقت میں ایک کام

| | |
|---|---|
| زیبا | خوب صورت |
| سلیقہ | سگھڑاپا |
| ڈنڈ پیلو | ورزش کرنا |

## جیت

| | |
|---|---|
| پُرجوش | جوش سے بھرا ہوا |
| منظر | نظارہ |
| آغاز | شروع |

## عیدی

| | |
|---|---|
| شدت | زور، سختی |
| انتظار | راہ دیکھنا |
| ترس | رحم |

## علامہ اقبالؒ ہمارے

| | |
|---|---|
| مفکر | غور و فکر کرنے والا |
| رہبر | راستہ دکھانے والا |
| عظمت | برتری، بڑائی |

## مُرغا اور بچہ

| | |
|---|---|
| بانگ | اذان، آواز |
| غافل | بے خبر، بے فکر |
| اطاعت، | فرمانبرداری |

## ریلوے اسٹیشن

| | |
|---|---|
| انتظار گاہ | انتظار کرنے کی جگہ |
| انتظام | بندوبست کرنا |

## ہمدردی

| | |
|---|---|
| شجر | درخت |
| تنہا | اکیلا |
| آشیاں | گھونسلا، گھر |
| مشعل | روشنی کی جگہ |
| آہ و زاری | رونا |

## آمنہ کا نیا سکول

| | |
|---|---|
| کاشت | کھیتی باڑی، زراعت |
| تعمیر | بنانا، مرمت کرنا |
| علاج | بیمار کو دوا دینا |

## سمندر کی سیر

| | |
|---|---|
| ساحل | سمندر کا کنارہ |

## میں چھوٹا سا اِک لڑکا ہوں

| | |
|---|---|
| ہمجولی | ساتھی |

## روشنی اور حرارت

| | |
|---|---|
| محسوس | معلوم ہونا |
| رگڑنے | گھسنا |